شہزادی کا چراغ

حافظ
راحیل احمد

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمہ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

Scanned by CamScanner

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْماً

ترجمہ

اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما

Scanned by CamScanner

تسخیر مؤکلات و جنات

(حصہ اول)

مصنف و مؤلف

حافظ راحیل احمد

قیمت: 75 روپے

Scanned by CamScanner

فہرست مضامین

باب نمبر	نام مضامین	صفحہ نمبر
	انتساب	4
	پیش لفظ	5
	اجازت نامہ	6
باب اول	**ہدایات**	7
	☆ چلہ کیا ہے؟	7
	☆ چلے کے لئے کن شرائط کا ہونا ضروری ہے؟	8
	☆ عامل کے لئے ضروری ہدایات	10
	☆ ترک حیوانات جلالی و جمالی	11
	☆ اعمال حاضرات کرنے کے آداب	13
	☆ روحانی قوت بیدار کرنے کے مجرب اعمال	15
	☆ حصار	16
	☆ رجال الغیب	17
باب دوئم	**اعمال حاضرات نورانی**	19
	☆ حاضرات	19
	☆ حاضرات	20
	☆ حاضرات بذریعہ درود شریف	20
	☆ عمل حاضرات	22

فہرست مضامین

باب نمبر	نام مضامین	صفحہ نمبر
	☆ حاضرات یا اللہ	22
	☆ حاضرات " خود "	23
	☆ حاضرات جن	25
	☆ عمل حاضرات	25
	☆ حاضرات سورۃ اخلاص	26
	☆ حاضرات ارواح	27
	☆ عمل حاضرات	28
	☆ حاضرات قل شریف	28
	☆ حاضرات " یا حیی یا قیوم "	29
	☆ حاضرات	29
	☆ عمل حاضرات	30
	☆ عمل حاضرات " خود "	31
	☆ حاضرات " یا نور "	32
	☆ حاضرات	32
	☆ حاضرات	33
	☆ حاضرات تسبیح	34
	☆ حاضرات	35
	☆ حاضرات " اللہ الصمد "	36

Scanned by CamScanner

فہرست مضامین

باب نمبر	نام مضامین	صفحہ نمبر
	☆ حاضرات	36
	☆ حاضرات جن	37
	☆ عمل حاضرات	38
	☆ عمل حاضرات	39
	☆ حاضرات	39
	☆ عمل حاضرات	40
	☆ حاضرات	41
	☆ حاضرات	41
	☆ حاضرات کا مجرب عمل	42
	☆ حاضرات جن	43
باب سوئم	**اعمال تسخیرات**	45
	☆ تسخیر مؤکلات	45
	☆ تسخیر مؤکل	47
	☆ تسخیر مؤکلات	48
	☆ تسخیر ارواح	50
	☆ تسخیر مؤکل دست غیب	51
	☆ تسخیر مؤکل سفلی	52

فہرست مضامین

باب نمبر	نام مضامین	صفحہ نمبر
	☆ حاضری مؤکلات	53
	☆ جناب کے بادشاہ سے خدمت حاصل کرنا	55
	☆ تسخیر جن	56
	☆ تسخیر جنات	57
	☆ حاضری مؤکل "سورۃ اخلاص"	59
	☆ دعوت "یاجبار یاقہار"	60
	☆ تسخیر مؤکل کا آسان عمل	61
	☆ تسخیر جن	62
	☆ عمل خاص کشف قبور بامؤکل	63
	☆ عمل تسخیر مؤکل	64
	☆ حاضری پری	65
	☆ تسخیر ستارہ پری	66
	☆ تسخیر مؤکل	66
	☆ مشاہدہ جنات	67
	☆ مشاہدہ جنات	68

Scanned by CamScanner

انتساب

میں اپنی کتاب ''تسخیر موکلات وجنات''
کو اپنے استاد و مرشد الحاج امجد حسین کے
نام کرتا ہوں جنہوں نے میری رہنمائی کی
اور میں اس کتاب کے اعمال حاضرات و
تسخیرات لکھنے میں کامیاب ہوا۔ انہی کی
عطاء سے اپنی محنت کو جمع کر کے شائقین
روحانیت کو نذر کر رہا ہوں اور دعا گو ہوں
کہ تسخیر 'موکلات وجنات'' کا روحانی فیض
آپ کے سینوں تک پہنچ سکے۔

حافظ راحیل احمد
یکم جنوری 2006

پیش لفظ

''تسخیر موکلات وجنات'' مصنف ومؤلف کی پہلی کتاب ہے جو
شائقین روحانیت کے لئے ایک دلچسپ آموز عملیات پر منحصر ہے
جس میں حاضرات کے نئے اور مجرب اعمال پیش کئے گئے ہیں
جن سے آپ بآسانی مستفید ہو سکتے ہیں اور حیرت انگیز نورانی
اعمال جو مصنف ومؤلف ''تسخیر مؤکلات وجنات'' حافظ راحیل
احمد کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ میں ان کے شاگرد ہونے کی حیثیت
سے ان کے جذبہ روحانیت کی قدر کرتا ہوں جنہوں نے روحانیت
کے شوق سے بھری کتاب ''تسخیر مؤکلات وجنات'' کے موضع پر
قلم اٹھایا اور میں دعا کرتا ہوں کہ یہ کتاب آئندہ آنے والی نسلوں
کو فیض یاب کرے گی۔

والسلام

رضوان احمد قریشی

Scanned by CamScanner

ہدایات

اجازت نامہ

اللہ آپ کے شوق روحانیت کو قائم ودائم رکھے (آمین) ''تسخیر مؤکلات وجنات'' کے اعمال حاضرات کا ہدیہ 500 روپے ہے۔ ہدیہ ادا کر کے آپ عامل رضوان احمد سے خصوصی اجازت نامہ حاصل کر سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

باب اول

ھدایات

☆ چلہ کیا ہے؟

حاضرات، مؤکلات و جنات اور ہمزاد کے اعمال صدیوں سے عاملین کی دلچسپی کا باعث بنے رہے ہیں ان روحانی مخلوقات کا ہر شخص عامل بن سکتا ہے۔لیکن اس کے لئے ریاضت کرنا پڑتی ہے۔

چلہ ایک خاص ریاضت کا نام ہے جس میں آپ مقررہ دنوں تک زکوۃ کی تعداد کو پورا کرتے ہیں دوران ریاضت ہر وقت اللہ کی یاد میں ڈوبے رہنا چاہیے۔ چلہ کرنے کا ارادہ اپنے حق میں بھلائی کی خاطر ہوتا ہے۔تو یہ جس اسم الٰہی کی زکواۃ ادا کرتا ہے تو اس کا تعلق صرف اور صرف عبادت پر ہوتا ہے عمل کی ریاضت کے دوران اس کا دشمن شیطان اس کے پاس آ جاتا ہے جو ریاضت کے دوران اس کی کمزوری پر غالب آنے کی کوشش کرتا ہے۔اسی دن سے لے کر آئندہ دنوں تک صاحب چلہ کی ہر چھوٹی کمزوری کو اتنا بڑا کر کے پیش کرتا ہے کہ صاحب چلہ اس کے مکر وفریب کا شکار ہو کر ایسا مغلوب ہو جاتا ہے۔کہ پھر اس پر اس کے دشمن کی اپنی مرضی چلتی ہے تو یہ دن بدن مصیبتوں کا شکار ہوتا چلا جاتا ہے اور عمل باطل ہو کر رہ جاتا ہے اور اپنے آپ کو شیطان کے شر سے بچانے کے بجائے خود اپنے آپ کو اس کے حوالے کر دیتا ہے۔

جب کسی عمل کا چلہ کرے تو اپنے آپ کو دنیا سے بالکل علیحدہ سمجھے اور صرف اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کا تصور باندھ کر کسی تیسری ہستی کو درمیان میں جگہ نہ

Scanned by CamScanner

دیں اور دوران ریاضت جو پڑھائی کی جارہی ہو تو اس کا تصور اس طرح ہونا چاہئے کہ اللہ مجھے دیکھ رہا ہے اور زبان خوبصورت الفاظ کے ساتھ جس خوبصورتی سے یہ کلام پڑھ رہی ہے۔اس کا نور میرے سینوں کو منور کر کے دل میں اتر رہا ہے یعنی منہ سے نور اور خوشبو نکلتی ہوئی نظر آرہی ہے جس خوبصورتی کے ساتھ اللہ کے اس پاک کلام (قرآن) کو تلات کر رہا ہوں اللہ اس سے خوش ہو رہا ہے۔اور صاحب چلہ پر اپنی رحمت برسا رہا ہے۔تو اس بات کو خوب سمجھ لیں جب خاص ریاضت یا چلہ میں خشوع وخصوع کو شامل کیا جائے تو سو فیصد کامیابی یقینی ہوگی۔

☆ چلے کے لئے کن شرائط کا ہونا ضروری ہے؟

سب سے پہلے کسی استاد کامل کی رہنمائی حاصل کر کے اجازت طلب کریں اور یقین رکھیں کہ جو مرشد نے فرمایا ہے وہ بالکل صحیح ہے اس کے متلعق ذرا سا شک بھی دل میں نہ لائیں اگر کوئی بغیر اجازت عمل کرتا ہے تو باوجود یہ کہ سب شرائط بجالائے گا مگر رجعت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ ہوگا۔دیوانوں کی طرح کوچہ بہ کوچہ مارے مارے پھرے گا مگر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔

ایک بات بتاتا چلوں کہ انسان کی دو حالتیں ہوتی ہیں۔ ان میں سے ایک کا تعلق اندرونی اور دوسری کا بیرونی سے ہے۔بیرونی حالت کو جسمانی اور اندرونی حالت کو روحانی حالت کہتے ہیں۔بیرونی حالت کا تعلق احکام ظاہری سے ہے یعنی شریعت سے ہے۔ روحانی حالت کا تعلق صفائی باطن سے ہے۔عامل کو چاہئے کہ حلال،صوم وصلوۃ ادائیگی صدقہ سے کام رکھے اور ایک لقمہ بھی روزی حرام نہ کھائے۔کیونکہ حرام کا ایک نوالہ

جب کسی کے پیٹ میں جاتا ہے تو چالیس دن تک اس کی دعا قبول نہیں ہوتی عامل پر واجب ہے کہ جب پڑھائی کرے تو سستی پیدا نہ ہو نہ ہی نیند آرہی ہو جب نیند غالب ہو گی تو خشوع وخصوع کہاں رہے گا۔ اور محنت بھی برباد ہو جائے گی اور وقت بھی ضائع ہو گا۔جھوٹ بولنے سے مکمل پرہیز کریں جو کوئی جھوٹ بولتا ہے اس کی زبان کی تاثیر جاتی رہتی ہے چاہئے کہ روزہ دار رہے اس لئے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ روزہ دار کی دعا رد نہیں ہوتی عمل شروع کرنے سے قبل بہتر ہوگا کہ اس کا صدقہ دے اس سے مراد پوری ہوتی ہے اور رحمت الٰہی حرکت کرتی ہے۔صدقہ دینے والا اللہ کا پیارا ہو جاتا ہے۔عمل سے پہلے ترک حیوانات جلالی وجمالی شروع کرے۔بدبودار چیزیں نہ کھائے اس لئے کہ ملائکہ کو اس سے سخت نفرت ہے۔

جب کوئی شخص عمل پڑھنے لگتا ہے تو مؤکلات اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں اگر اس کے منہ سے پڑھائی کے وقت بو نکلے گی تو مؤکلات پریشان ہو کر بد دعا کریں گے۔ بجائے فائدے کے نقصان ہوگا۔طہارت بدن، پاکیزگی لباس اور مکان کا خاص خیال رکھے۔غسل کو روزانہ کا معمول بنالے اور ہر وقت حالت وضو میں رہے اور ہمیشہ خیال رکھے کہ کپڑے ناپاک نہ ہوں جس مکان میں بیٹھے وہ نہایت پاک وصاف ہو جہاں لوگوں کا گزر نہ ہوتا ہو۔صرف زمین پر عامل کا مصلہ اور کمرے میں کوئی دوسرا سامان نہ ہو دوران چلہ وہیں سوئیں جہاں آپ نے عمل کیا کیونکہ اللہ تعالیٰ کو عاجزی پسند ہے عامل کو چاہئے کہ جب عمل کرنے کا قصد کرے تو گوشہ نشینی اختیار کرے۔اور لوگوں سے احتیاط کرے تاکہ صحبت کا اثر نہ ہو کیونکہ ان کے اختلافات سے باطن میں تاریکی پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے دل اللہ کی طرف مائل نہیں ہوتا بلکہ مخلوق کی طرف رہتا ہے قبلہ رو ہو کر عمل

Scanned by CamScanner

کریں اور حالت جلوس میں بیٹھیں جس طرح نماز میں بیٹھ کر التحیات پڑھتے ہیں اور نیت کرے کہ فلاں اسم یا آیت کی زکوٰۃ ادا کر رہا ہوں اگر دو نفل اسی نیت سے ادا کرے تو بہت بہتر ہے۔

اگر اعمال سے تاثیر ظاہر نہ ہو تو عمل کو نہ چھوڑے بلکہ برابر پڑھتا رہے پھر بھی ظاہر نہ ہو تو تب بھی نہ چھوڑے اور مایوس نہ ہو اور یہ خیال بھی دل میں نہ لائے کہ اتنے دن تک پڑھا ہے کوئی اثر ظاہر نہیں ہوا اب وقت ضائع نہ کروں۔ جب تک پوری پوری شرطیں ادا نہ ہونگی کچھ اثر بھی ظاہر نہ ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے ایک چلہ میں کامیابی نہ ہو تو دوسرا چلہ شروع کرے اس طرح جب تک اثر ظاہر نہ ہو عمل پڑھتا رہے جب کسی عمل کے متعلق لکھا ہو کہ ایک چلے کی مدت اتنی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ایک چلے میں ہی کامیابی ہوگی جس طرح کسی دوا کی شیشی لائیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ایک شیشی کھانے سے آرام آ جائے ممکن ہے دو کھانی پڑیں یا تین تک فائدہ ہو۔ اول و آخر درود شریف طاق مرتبہ پڑھا کریں اس۔ لئے کہ جو عمل کیا جائے وہ ضرور قبول ہوگا اپنے کھانے پینے کے برتن علیحدہ رکھیں اور اپنے کپڑے جو عبادت کے لئے ہیں انہیں خود دھوئیں عامل اپنی چیزوں کو کسی دوسرے شخص کو استعمال نہ کرنے دے۔ عمل کے لئے جو وقت مقرر کرے اس کی پابندی کرے اختلافات وقت سراسر نقصان دہ ہے جگہ کا ایک ہونا بھی ضروری ہے جب چلہ ختم کرے تو ختم پر دو نفل پڑھے۔

☆ عامل کے لئے ضروری ہدایات

(۱) عامل پرہیزگار، متقی اور نماز، روزے سے کام رکھتا ہو۔

(۲) جس کمرے میں کسی عمل کا قصد کرے تو چاہئے کہ خلوت گاہ میں اندھیرا زیادہ ہو۔

(۳) عمل کے دوران لباس صاف اور معطر ہو اور جگہ بھی پاک صاف ہو۔

(۴) کمرے میں کوئی بھی گھریلو سامان مثلاً میز، کرسی، یا کوئی بھی ٹھوس اشیاء نہ رکھی ہوں۔ بعض اوقات ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ اشیاء کسی نہ کسی شکل میں حرکت کر رہی ہوتی ہیں یا ایسی ہو جاتی ہیں کہ ان کو دیکھ کر عامل کو ڈر محسوس ہوتا ہے۔ اور پڑھائی میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ اور اس کا نتیجہ الٹ ہوتا ہے۔

(۵) جس وقت کوئی عمل کرنے کیلئے بیٹھے تو شیطانی خیالات کو دل میں نہ آنے دے جس مقصد کے لئے عمل کرے اس کا کامل تصور رکھے۔

(۶) پرہیز عمل کے موافق کرے اور بدبودار اشیاء کا استعمال نہ کرے۔

(۷) پھر الحمد شریف، آیت الکرسی، قل شریف کو تین تین بار پڑھ کر اپنی شہادت کی انگلی پر دم کرے اور حصار بنائے۔

(۸) فارغ اوقات میں عامل کو استغفار اور درود شریف کی کثرت کرنی چاہئے تاکہ عمل کے حالات جلد منکشف ہوں اور جتنا ہو سکے زیادہ سے زیادہ کلمہ طیبہ کا ورد رکھے۔

(۹) تمام اعمال تسخیرات سے پہلے اصراف کا عمل ضرور کرے تاکہ جنات کسی قسم کی رکاوٹ نہ ڈال سکیں۔

☆ ترک حیوانات جلالی و جمالی

ترک حیوانات سے مراد یہ ہے کہ ہر زی روح اشیاء کا پرہیز کرے یہ پرہیز دو

Scanned by CamScanner

طرح کا ہے۔

(۱) جلالی (۲) جمالی

(۱) پرہیز جلالی:

اس پرہیز میں عامل گوشت ہر قسم کا ، مچھلی، انڈا، دودھ، دہی گھی، شہد، چمڑے کے موزے اور بوٹ، ریشمی کپڑے، مولی، بینگ، کچالہسن و پیاز و دیگر میوہ جات سے پرہیز کرے کسی قسم کی ایسی چیز جس میں نشہ ہو مثلاً سگریٹ، حقہ، پان وغیرہ کا استعمال بالکل ترک کر دے۔ چمڑے کے ڈول سے پانی نہ پئے اس طرح ایسا چاقو یا چھری کو استعمال نہ کرے جس کا دستہ ہاتھی کے دانت یا کسی جانور کے سینگ سے بنا ہوا ہو۔ سر اور داڑھی کے بال نہیں بنوا سکتے۔ نیز وہ بال جو حرام ہیں مثلاً بغل اور زیر ناف کے بال کاٹ سکتے ہیں اور خیال رہے کہ جسم کے کسی حصے سے خون نہ نکلے اور کسی قسم کے پھل کا استعمال نہ کرے۔ کسی بھی جانور کے قریب نہ جائے اور نہ ہی گوشت وغیرہ کو ہاتھ میں اٹھائے۔

کسی بھی درخت کا پتہ اور پھول نہ توڑے، عامل کسی دوسرے کو اپنے بستر پر سونے نہ دے۔ اور نہ ہی کسی دوسرے کے بستر پر سوئے بلکہ زمین پر اپنا بستر لگائے کھانے پینے کے برتن علیحدہ رکھے روزانہ غسل کرے ، طہارت اور پاکیزگی کا انتہائی خیال رکھے ہر وقت باوضو رہے۔ بغیر سلا ہوا کپڑا پہنے کسی بھی جانور کی سواری نہ کرے عمل کے دوران کسی شخص کو اپنی خدمت کے لئے رکھے جو پرہیز گار، نمازی اور متقی ہو۔

(۲) پرہیز جمالی:

اس پرہیز میں عامل ہر قسم کے گوشت، مچھلی، سرکہ، شہد، لہسن، پیاز، استعمال نہ کرے، جماع سے پرہیز کرے، جسم اور کپڑوں کی صفائی کا بھی خاص خیال رکھے۔ لسی اور دودھ وغیرہ بھی نہ پئے البتہ بناسپتی گھی، پھل اور میوہ جات کا استعمال کر سکتے ہیں۔

☆ اعمال حاضرات کرنے کے آداب

جب کوئی شخص حاضرات کا عمل کرے تو مندرجہ ذیل ہدایات کی پابندی کرنی ضروری ہے۔

(۱) حاضرات کرنے سے قبل عامل اور معمول دونوں پاک صاف اور باوضو ہوں۔

(۲) جس کمرے میں حاضرات کرنے کا ارادہ ہو تو کمرہ بالکل پاک صاف اور خوشبو سے معطر ہو۔

(۳) وہ عورت یا مرد جن پر غسل واجب ہو کمرے میں موجود نہ ہوں اور کمرے میں اندھیرا ہو۔ جتنی روشنی کم ہو گی۔ اتنی ہی واضح طور پر حاضرات کی شبیہہ نظر آئے گی۔

(۴) وہ بچے جن کی قوت ارادی اور دھیان صحیح نہ ہو اور شریر ہوں ان پر حاضرات کا عمل نہ کریں۔

(۵) حاضرات کے لئے شریف النفس بچے کو منتخب کریں۔

(۶) عامل جو عبارت پڑھ رہا ہو اس کی ادائیگی صحیح طریقے پر کرے۔

(۷) حاضرات کرتے وقت کمرے میں نشہ آور چیز استعمال نہ کرے۔

Scanned by CamScanner

(۸) عامل نیک طبع اور اچھے خیالات رکھتا ہو اور جب کبھی حاضرات کا عمل کرے تو مخلوق کو فائدہ پہنچانے کی نیت سے کرے۔

(۹) کوئی بھی غیر شرعی سوال، فضول قسم کی گفتگو مؤکلات سے ہرگز نہ کریں اس سے مؤکلات خفا ہو جاتے ہیں اور عامل کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

(۱۰) حاضرات کی آمد کے بعد ادب واحترام سے گفتگو کرے اور ایک وقت میں دو یا تین سوالوں سے زیادہ نہ کرے جس سے مؤکلات تنگ آ کر حاضر ہونا چھوڑ دیتے ہیں یا بہت دیر سے حاضرات کا نزول ہوتا ہے۔

(۱۱) بعض اعمال میں حاضرات کا توشہ ہوتا ہے حاضرات کے بعد ان چیزوں کو معصوم بچوں میں تقسیم کرنا چاہیے۔ اور ہر حاضرات کے بعد عامل کو چاہئے کہ وہ تھوڑی سی شیرنی پر مؤکلات کی نیاز دلوائے۔

(۱۲) ایک بات بتاتا چلوں کہ بعض عاملین حاضرات سے چوری اور کسی کے متعلق کوئی راز یا کسی جادو کروانے والے وغیرہ کا نام معلوم کرتے ہیں اور اس وقت سائل بھی موجود ہوتا ہے اس طرح کسی کا نام شناخت، راز ہرگز معلوم نہ کرے یہ کام غیر شرعی ہے جس سے نفرتیں بڑھتی ہیں۔

(۱۳) جس حاضرات میں پرہیز کی شرط ہو اس کا خاص طور پر اہتمام کرے۔

(۱۴) منحوس ساعت میں حاضرات نہ کرے اور رجال الغیب کا بھی خیال رکھے۔

(۱۵) جس حاضرات میں زکواۃ ادا کرنے کی شرط ہو اس کو بغیر ادائے زکوۃ کے نہ کرے بصورت دیگر نقصان کا اندیشہ ہے اگر عامل یا مصنف و مؤلف اجازت دے تو بغیر ادائے زکوۃ عمل کر سکتے ہیں بشرط یہ کہ اجازت دی گئی ہو۔

(۱۶) اعمال حاضرات کرنے سے پہلے ہدیہ ادا کر کے مصنف و مؤلف سے خصوصی اجازت حاصل کر لیں تا کہ کامیابی یقینی ہو۔

☆ روحانی قوت بیدار کرنے کے مجرب اعمال

تسخیر ارواح کے اعمال کرنے کے لئے ضروری ہے کہ عامل اپنی روحانی قوت بیدار کر لے، ورنہ ایک ہی عمل کو ساری زندگی کرتا رہے تو کامیابی کبھی نہ ہوگی۔ بہت سے لوگ کہہ دیا کرتے ہیں کہ ہم نے فلاں عمل کیا مگر کچھ بھی حاضر نہ ہوا نہ ہی ہمیں ڈرایا گیا شاید یہ عمل درست نہیں یا بتانے والے نے صحیح نہیں بتایا۔

ایک بات یاد رکھئے جو لوگ عملیاتی اصولوں کو مدنظر نہیں رکھتے ان کی مثال ایسی ہے جیسے زمین پر راکھ عمل اپنی جگہ بالکل درست ہوتا ہے خرابی ہم میں ہوتی ہے اس لئے لازمی ہے کہ پہلے اپنی روحانی قوت بیدار کر لے۔ مفسرین نے روحانی قوت بیدار کرنے کے کئی عمل بتائے ہیں لیکن آپ کے سامنے روحانی قوت بیدار کرنے کے مجرب و آزمودہ طریقے پیش کر رہا ہوں۔

(۱) مندرجہ ذیل عزیمت کو ایک وقت اور ایک جگہ مقرر کر کے 300 مرتبہ پڑھا جائے تو کچھ ہی دنوں بعد عامل میں زبردست روحانی قوت پیدا ہو جائے گی۔ پھر کوئی بھی عمل کریں ناکامی نہ ہوگی۔

سبحان الله و الحمد لله و لا اله الا الله و الله اکبر

(۲) مندرجہ ذیل درود شریف کو بعد از نماز عشاء 500 بار یا پھر اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھا جائے تو عامل میں زبردست روحانی قوت پیدا ہوگی۔

Scanned by CamScanner

اللھم صل علی محمد و علی ال محمد بعد د کل ذرة مائة الف الف مرة و بارک وسلم

☆ حصار

جو کوئی شخص کسی عمل کا ارادہ کرے خواہ جلالی ہو یا جمالی ہو حصار ضرور کر لینا چاہے۔ تا کہ جنات یا بد ارواح کے حملے سے حفاظت رہے اور بآسانی عمل پایہ تکمیل تک پہنچ سکے ایسے ہی چند حصار آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

(۱) ایک حصار با موکل یہ ہے کہ ایک مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر آیت الکرسی کو تین بار پڑھے اور تین بار دستک دے کر اپنے گرد حلقہ بنا لے تو ارواح خبیثہ وسفلیہ سے محفوظ رہے۔

(۲) ایک حصار با موکل یہ ہے کہ الحمد شریف، آیت الکرسی، چہار قل تین تین بار پڑھ کر اپنے گرد دائرہ لگائے۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔

(۳) ایک حصار یہ ہے کہ کلمہ طیبہ تین بار، معوذتین بار اور مندرجہ ذیل آیت تین بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیرے تو بدن کو کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔

امن الرسول بما انزل الیه من ربه و المومنون ط کل امن بالله وملئکته و کتبه و رسله قف لا نفرق بین احد من رسله قف وقالوا سمعنا و اطعنا غفرا نك ربنا و الیك المصیر O لا یکلف الله نفساً الا وسعها ط

لها ما کسبت و علیها ما اکتسبت ط ربنا لا تؤاخد نا ان نسینا او اخطانا ج ربنا ولا تحمل علینا اصرا کما حملته علی الذین من قبلنا ج ربنا ولا تحملنا مالا طاقة لنا به ج و اعف عنا رقفه واغفرلنا رقفه وارحمنا رقفه انت مولانا فانصرنا علی القوم الکٰفرین O (سورة بقرة آخری رکوع)

(۴) ایک حصار یہ ہے کہ روزانہ رات کو سونے سے قبل اکتالیس مرتبہ مندرجہ ذیل اسماء پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے برے خواب وشیاطین سے حفاظت رہے۔

یا الله یا رقیب یا حافظ یا حفیظ یا حنان یا منان یا ذوالجلال و الاکرام

☆ رجال الغیب

جب حاضرات کرنے کا ارادہ ہو تو سب سے پہلے دیکھ لیں کہ رجال الغیب کس سمت میں ہے جب بیٹھے تو اس کی طرف اپنی پشت کر لے اگر یہ طریقہ استعمال نہ کریں گے تو ہر کام مطلب کے خلاف ہوگا۔ اگر کوئی کام دوستی کا لیں گے تو دشمنی واقع ہوگی اور ہر کام کا نتیجہ الٹ نکلے گا۔

رجال الغیب کی آٹھ سمتیں ہیں تمام اعمال کرنے سے قبل دیکھ لیں کہ آج رجال الغیب کس طرف ہے۔

Scanned by CamScanner

اعمال حاضرات نورانی

نقشہ رجال الغیب



☆☆☆☆☆

Scanned by CamScanner

باب دونم

حاضرات نورانی

☆ عزیمت:

حسبی ربی جل اللہ مافی قلبی غیر اللہ

طریقہ زکوۃ:

مندرجہ بالا عبارت عمل کو 425 مرتبہ 11 یوم تک بعد از نماز عشاء پڑھیں کمرے میں عمدہ قسم کی اگربتی سلگائیں اور کامل یکسوئی کے ساتھ عمل کریں زکوۃ ادا ہو جائے گی جب کبھی حاضرات کی مدد کسی معاملے میں درپیش ہو تو پاک صاف بچے کو اپنے سامنے بٹھائیں اور آنکھیں بند کرنے کو کہیں اول و آخر عبارت کے درود شریف 11، 11 بار پڑھیں اور معمول کی آنکھوں پر دم کریں۔ کچھ دیر میں معمول کو روشنی نظر آئے گی اور ایک موکل نظر آئیں گے۔ جن سے آپ ہر طرح کے مشکل سے مشکل ترین امور کے بارے میں سو فی صد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً ہاتھ کے انگوٹھے، پانی، چراغ کی لو، شیشہ، یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔ کہ وہ کون سا طریقہ اپنائے اس حاضرات کا عامل خود بھی مشاہدہ کر سکتا ہے کہ پاکیزہ شیشے پر دائرہ لگائیں جو کہ ایک روپے کے سکے سے بڑا نہ ہو اور عامل 28 مرتبہ عبارت عمل پڑھ کر پہلے آئینے پر دم کرے پھر اپنے اوپر دم کرے حاضرات کا نزول آئینے میں ہوگا۔ اور عامل کو تمام احوال مثل ٹی وی دکھائی دے گا۔

Scanned by CamScanner

☆ حاضرات

مندرجہ ذیل عزیمت کو روزانہ 707 مرتبہ بعد نماعشاء 21 یوم تک پڑھے

عبارت عمل :

ان الله علی کل شئی قدیر

طریقہ زکوۃ :

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پرہیز جمالی کریں زکوۃ ادا ہوجائے گی۔ جب بھی کوئی مشکل پیش آئے تو کسی نابالغ بچہ / بچی کو اپنے روبرو بٹھائیں اور آنکھیں بند کرنے کو کہیں اول آخر درود شریف 5،5 مرتبہ پڑھنے کے مندرجہ بالا عزیمت برابر پڑھتے رہیں اور بچے کی آنکھوں پر دم کریں۔ کچھ ہی دیر میں بچے کی آنکھوں میں حاضرات کا نزول ہوگا جس میں معمول کو سب سے پہلے روشنی نظر آئے گی پھر ایک شخص نظر آئے گا اس سے کہیں کہ جھاڑو والے کو بلاؤ جب وہ آجائے تو جھاڑو لگانے کا حکم دیں پھر پانی چھڑکانے کا حکم دیں پھر کہیں کہ دریاں بچھاؤ اور کرسیاں لگاؤ پھر تخت حاضر کیا جائے۔ اب مؤکلات کے بادشاہ کو بلائیں اور معمول کے ذریعے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ بعد سوالات کے تمام مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں عمل کے آخر میں سفید شیرنی پر مؤکلات کی نیاز دیں۔

☆ حاضرات بذریعہ درود شریف

عبارت عمل :

اللهم صل علی محمد و علی آل محمد

یہ حاضرات کا ایک انتہائی آسان عمل ہے جو آپ کو دنیا کی کسی کتاب میں نہیں ملے گا۔ لیکن یہ حاضرات وہ لوگ کریں جو صوم وصلوٰۃ کے پابند ہوں اور نبی اکرم ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھتے ہوں عمل کرنے سے قبل بدبودار چیزوں کا پرہیز کریں اور پاک صاف لباس پہن کر خوشبو لگائیں۔

بعد نماز عشاء شب جمعہ کو مندرجہ بالا درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دو رکعت نماز ادا کریں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص 21،21 مرتبہ پڑھیں اور جناب رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ ادا کریں۔ پھر جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو سب سے پہلے مندرجہ بالا درود شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر حضور ﷺ کو بخش دیں اور پاک صاف بچے کو اپنے روبرو بٹھائیں اور معمول کو آنکھیں بند کرنے کو کہیں اور عامل اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر بچے کی آنکھوں پر دم کرے چند ثانیہ بعد بچے کو ایک سفید روشنی نظر آئے گی پھر ایک میدان نظر آئے گا اور ایک بزرگ نمودار ہوں گے سلام و جواب کے بعد اپنا مقصد بیان کریں آپ کو آپ کے مسائل کے سو فی صد درست جواب ملیں گے اس حاضرات سے آپ برے لوگوں کو راہ راست پر لانا گمشدہ اشیاء کا پتہ چلانا، جنات شیاطین کے اثر اور آسیب کو ختم کرنا غرض دنیا کا ہر جائز کام اس کی مدد سے کر سکتے ہیں اس حاضرات سے بھول کر بھی غیر شرعی سوال نہ کریں اور جوابات حاصل کرنے کے بعد مؤکلات کو جانے کی اجازت دیں اور شکریہ ادا کریں آخر میں 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر نبی کریم ﷺ کو ایصال ثواب کریں۔

Scanned by CamScanner

☆ عمل حاضرات

عبارت عمل :

یا علیم علمنی یا خبیر اخبرنی

لڑکا یا لڑکی جس کی عمر دس سال سے کم نہ ہو سب سے پہلے اس کو غسل کروا کر پاک صاف کپڑے پہنائیں اور کمرہ خوشبو سے معطر ہو پہلے اس آیت کو سفید کاغذ کے ٹکڑے پر لکھیں اور تعویز بنا کر بچے کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے نیچے دے دیں اور معمول کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں پھر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اول آخر کے بعد 40 بار عزیمت پڑھ کر بچے پر پھونکیں کچھ ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو گا اور ایک بزرگ نظر آئیں گے جن سے آپ اپنے مشکل ترین امور کے بارے میں سو فی صد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں اس حاضرات سے آپ چوری کا معلوم کرنا، دفینہ معلوم کرنا، گمشدہ بچے کے بارے میں معلوم کرنا، سحر و جادو کی تشخیص، امراض کے متعلق معلوم کرنا غرض ہر وہ کام جو عامل معلوم کرنا چاہے با آسانی معلوم کر سکتا ہے کسی بھی قسم کا غیر شرعی سوال نہ کریں ورنہ رجعت سے کوئی نہ بچا سکے گا بعد سوالات کے مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں۔

☆ حاضرات یا اللہ

عبارت عمل :

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا رحمن یا رحیم حاضرات کر دے

حاضر بحرمت محمد رسول اللہ ﷺ

طریقہ زکوۃ :

مندرجہ بالا عمل کو دو سو نوے مرتبہ بعد نماز عشاء گیارہ یوم پڑھیں آخری یوم سوجی کا حلوہ بنا کر مؤکلات کی نیاز دلوائیں اور معصوم بچوں میں بانٹ دیں جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو بچہ / بچی جس کی عمر دس سال ہو نہلا دھلا کر صاف کپڑے پہنا کر عطر لگائیں اور دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور معمول کو ہدایت کریں کہ وہ بغور اس میں دیکھتا رہے اور عامل اٹھائیس مرتبہ مندرجہ بالا عزیمت بمع درود شریف کے معمول پر پڑھ کر برابر دم کرے جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہو گا۔ عامل معمول کے ذریعے اپنا اور معمول کا سلام پیش کرے اور سلسلہ سوالات شروع کرے جس سے آپ اپنے مشکل ترین امور کے بارے میں معلوم حاصل کر سکتے ہیں جو یقیناً 100 فی صد درست ہوں گی بعد فراغت مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں۔

☆ حاضرات (خود)

عبارت عمل :

عزمت و اقسمت علیکم یا خدام ھذا سورۃ یوسف

حاضر ھو بحق کھیعص

طریقہ زکوۃ:

سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ ادا کریں اور اس عزیمت کو 1280 مرتبہ 9 روز تک پڑھیں اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں بعدہٗ تھوڑی شیرنی پر

Scanned by CamScanner

مؤکلات کی نیاز دلائیں بعد ادائے زکوۃ عبارت عمل کو روزانہ 12 مرتبہ پڑھنا لازمی ہے تاکہ عمل کی روحانیت آپ کے پاس رہے اور عمل جانے سے محفوظ رہے۔ پھر جب کسی امر میں حاضرات کی ضرورت پیش ہو تو طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھائیں اور کانچ کے گلاس میں صاف وشفاف پانی بھر کر سامنے رکھیں اور مندرجہ بالا عزیمت پہلے پانی پر دم کریں پھر بچے کی آنکھوں پر دم کریں۔ کچھ ہی دیر میں بچے کو ایک سبز میدان دکھائی دے گا جہاں سب کچھ مثل باغ کی طرح ہوگا۔ پھر ایک بزرگ تشریف لائیں گے عامل اپنا اور معمول کا سلام بچے کے ذریعے پیش کرے اور سلسلہ سوالات شروع کرے۔ اس حاضرات سے آپ ایک وقت میں 3 سے زیادہ سوال مت کریں۔ جوابات لینے کے بعد شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں اس حاضرات کا عامل خود بھی مشاہدہ کر سکتا ہے جس کا طریقہ یوں ہے کہ عروج ماہ نو چندی جمعرات سے ہر قسم کی بدبودار اشیاء کا پرہیز کرے اور ترک جلالی لازمی کرے ورنہ حاضرات نہ کھلے گی بعد نماز عشاء تنہا پاک صاف کمرے میں عمل کریں روزانہ کی تعداد 3125 مرتبہ 40 دنوں میں سوا لاکھ کی تعداد پورا نہیں کر سکتے تو پھر 120 دن یعنی 4 مہینے میں اس کی تعداد سوا لاکھ پوری کرنی ہوگی۔ عمل پڑھتے وقت اپنے سامنے ایک شیشے کے گلاس میں پانی رکھیں چند یوم بعد آپ کو دوران عمل پانی میں عجیب وغریب مخلوق دکھائی دے گی۔ آپ اس کی طرف بالکل توجہ نہ دیں بلکہ اپنی پڑھائی جاری رکھیں آخری یوم ایک بارعب چہرے والے بزرگ نظر آئیں گے۔ جب آپکی تعداد مکمل ہو تو آپ (اسلام علیکم) کہیں جو بات معلوم کرنی ہو۔ تمام احوال پانی میں مثل ٹی وی دکھائی دے گا۔ کوئی بھی غیر شرعی سوال اس حاضرات سے نہ کریں ورنہ نقصان کا خطرہ ہوگا۔

☆ حاضرات جن

عزیمت:

اقسمت علیکم یا معشرل جن والانس بحق ایاك نعبد و ایاك نستعین و بحق کھیعص و بحق سلیمان بن داؤد علیه السلام حاضر شو، حاضر شو، حاضر شو

طریقہ زکوۃ

عروج ماہ میں سب سے پہلے مندرجہ ذیل عمل کی زکوۃ گیارہ یوم میں ادا کریں روزانہ وقت مقررہ پر ایک سو گیارہ بار باپرہیز جلالی وجمالی کے ساتھ پڑھئے اور لوبان کا بخور روشن کرے۔ پھر جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو عامل 12 سال کے بچہ یا بچی کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں اول آخر درود شریف 3,3 مرتبہ اور مندرجہ بالا عزیمت 21 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں کچھ ہی دیر میں ایک جن دکھائی دے گا۔ اور آپ معمول کے ذریعے اپنا اور معمول کا سلام کہیے اور سوال و جواب کا سلسلہ شروع کیجئے عمل سے قبل بچے کے سر پر لال رومال دے دیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہوگا بعد سوال کے اجازت طلب کرے اور شکریہ ادا کرے۔

☆ عمل حاضرات

حاضرات کرنے سے قبل ضروری ہے کہ عامل اور معمول دونوں پاکیزہ ہوں لباس خوشبو سے معطر ہو کمرہ صاف ستھرا اور خوشبوؤں سے مہکا ہو سب سے پہلے جمعہ کے روز کسی اچھی ساعت میں نقش بنائیں۔

Scanned by CamScanner



پھر جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو عامل معمول کو نقش کے سیاہ خانے میں دیکھنے کو کہے اور اول آخر درود شریف کے "یا بدوح" پڑھ کر معمول پر دم کرے چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل ترین امور کے بارے میں درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں اس حاضرات کے مؤکلات بہت ہی جلالی ہیں ذرا سی کوتاہی نقصان کا سبب بن سکتی ہے عمل سے قبل اپنے اور معمول کے گرد آیت الکرسی چاروں قل شریف کا حصار ضرور کریں اور جوابات حاصل کرنے کے بعد مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں اور حسب استطاعت شیرنی لے کر بچوں میں تقسیم کریں۔

☆ حاضرات سورۃ اخلاص

طریقہ ادائے زکوۃ :

عروج ماہ نوچندی میں سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ 7 یوم میں ادا کریں۔ 7

یوم میں 1002 کی تعداد مکمل کریں اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں زکوۃ ادا ہوجائے گی۔ آخری دن کسی میٹھی چیز پر مؤکلات کی نیاز دیں عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 21 مرتبہ سورۃ سورۃ اخلاص کا ورد کیا کریں، ہر وقت باوضو رہیں۔ دوران زکوۃ فارغ اوقات میں درود پاک اور استغفار کا ورد جاری رکھیں۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے سامنے بٹھائیں اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر سیاہی لگائیں اور عامل برابر سورۃ اخلاص پڑھ کر پھونکتا رہے تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں 100 فی صد درست معلومات لے سکتے ہین بعد فراغت مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں۔

نوٹ : عامل بننے کے بعد مہینے میں ایک دن ایک پاؤ برفی پر مؤکلات کی نیاز دینا لازمی ہے تاکہ روحانی فیض جاری رہے۔

☆ حاضرات ارواح

حاضرات کرنے سے قبل لازمی ہے کہ عامل اور معمول پاک صاف ہوں عامل ایک سفید کاغذ پر سیاہ دائرہ بنائے اور معمول کو ہدایت کرے کہ اس میں بغور دیکھتا رہے جس کی عمر 10 سال سے زیادہ نہ ہو۔ بعدہ حصار کے عامل اول و آخر درود شریف پڑھے پھر 41 مرتبہ "یاروح" اور 41 مرتبہ "یا روح الارواح" پڑھ کر معمول پر دم کرے کچھ ہی دیر میں بچہ کو سیاہ دائرے میں ایک روح نظر آئے گی جو چاہیں معلوم کریں بعدہ شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دے دیں۔

Scanned by CamScanner

☆ عمل حاضرات

طریقہ زکوۃ :

یہ حاضرات بسم اللہ شریف کی ہے جو بہت زبردست روحانی قوت کی مالک ہے جو شخص اس عمل کی زکوۃ ادا کرنا چاہئے تو اسے چاہیے کہ باپرہیز چالیس یوم میں روزانہ 786 مرتبہ پڑھے اور عمل میں ناغہ نہ کرے ورنہ عمل باطل ہو جائے گا بعد ادائے زکوۃ آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ لاکھوں روپے کی حاضرات ہے جو زندگی بھر کام دیتی ہے خاص بات یہ ہے کہ اس سے آپ ہر مسئلے کا حل 100 فی صد درست حاصل کر سکتے ہیں یہ حاضرات کبھی خطا نہیں کھاتی آخری دن سفید شیرنی پر مؤکلات کی نیاز دلائیں۔

طریقہ :

تھوڑا سا عطر سیاہی میں ملائیں اور 786 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر سیاہی کو ڈبیہ میں محفوظ کریں۔ اور جب کبھی بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو 10 سے 14 سال کے بچے / بچی پر حاضرات کریں اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر سیاہی لگا کر 21 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر معمول پر دم کریں انشاء اللہ کچھ ہی دیر میں حاضرات کا نزول سیاہی میں ہوگا اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے مثلاً شیشہ پر ناخن، انگوٹھی، چراغ کی لو پر بھی کر سکتے ہیں یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔ غرض حاضرات میں سرتاج کی چوٹی ہے۔

☆ حاضرات قل شریف

طریقہ زکوۃ :

7 دن تک روزانہ بعد نماز عشاء آیت الکرسی کا حصار کر کے چاروں قل شریف

کی زکوۃ ادا کرے پرہیز جمالی کے ساتھ 41 مرتبہ قل شریف پڑھے اور شیرنی پر دم کرے اور صبح سورج نکلنے کے بعد شیرنی معصوم بچوں میں بانٹ دے۔ اسی طرح 7 دن عمل کریں اور روزانہ شیرنی رکھیں زکوۃ ادا ہو جائے گی اور آپ اس حاضرات کے عامل بن جائیں گے زکوۃ ادا ہونے کے بعد قل شریف ایک مرتبہ تلاوت کرے تاکہ عمل قابو میں رہے اور جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر صاف کپڑے پہنائیں اور اپنے سامنے بیٹھائیں اور آنکھیں بند کروا کر ایک مرتبہ قل شریف پڑھے بچے کی آنکھوں میں مؤکلات کا ظہور ہوگا جس سے آپ اپنے ہر مسئلے کے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ حاضرات "یاحی یاقیوم"

بعد نماز عشاء اس عمل کی زکوۃ ادا کریں گیارہ یوم تک 2800 مرتبہ روزانہ ورد کریں اس عمل میں پرہیز گوشت، جماع اور بدبودار اشیاء کا ہے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیے اور عمل کا آغاز کرے گیاہ ریوم میں زکوۃ ادا ہوگی جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو معروف طریقے سے حاضرات کرے۔

☆ حاضرات

عبارت عمل :

یاحی یا قیوم بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ O

طریقہ زکوۃ :

اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کریں عمل **101** مرتبہ اول آخر گیارہ

Scanned by CamScanner

گیارہ مرتبہ درود شریف کے 14 یوم پڑھے اور پرہیز جمالی کریں۔ عمل سے قبل تھوڑی سی شیرنی پر حضرت محمد ﷺ کی نیاز دلائیں۔ روزانہ اگربتی سلگا کر پاک صاف ہو کر عمل شروع کریں بعد ادائے زکواۃ آپ اس عمل کے عامل ہو جائیں گے۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو 10-12 سال کے بچے کو معمول بنائیں اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور عامل اول آخر درود ابراہیمی پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت 28 مرتبہ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ اس حاضرات سے آپ ہر قسم کے جائز کام لے سکتے ہیں مثلاً گمشدہ کا حال آسیب پکڑنا، چور کا نام و پتہ حلیہ اور یہ حاضرات کالے علم کی کاٹ پر بادشاہی ہے۔ حاضرات کرنے سے پہلے تھوڑی سی شیرنی اپنے ساتھ رکھیئے یہ حاضرات کا توشہ ہے حاضرات ختم کرنے کے بعد برفی معصوم بچوں میں بانٹ دیں کوئی بھی غیر شرعی سوال نہ کریں ورنہ اسی کے مؤکلات آپ کو سخت ترین رجعت میں ڈال دیں گے اور معمول کو بچانا مشکل ہوگا۔

☆ عمل حاضرات

عبارت عمل:

یا الٰہی کرم کر اپنی ذات کے واسطے
حاضرات کو حاضر کر دے محمد مصطفیٰ ﷺ کے واسطے

طریقہ زکوۃ:

نوچندی جمعرات سے 311 بار مندرجہ بالا عزیمت 7 یوم تک پڑھیں اول آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ عامل بننے کے بعد

جب بھی حاضرات کرنے کی ضرورت پیش آئے تو طفل کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور معمول کو سیاہی میں دیکھنے کو کہیں اب عامل 28 مرتبہ مندرجہ بالا عبارت عمل کو پڑھ کر معمول پر دم کرلے یکا یک معمول کی نگاہ پر سے حجاب اٹھ جائے گا۔ اور حاضرات کا نزول ہوگا اس وقت عامل اپنا اور معمول کا سلام حاضرات کو پیش کرے اور سوال و جواب کا سلسلہ ختم کرنے کے بعد مؤکلات کا شکریہ ادا کرے اور جانے کی اجازت دیں۔

☆ عمل حاضرات (خود)

عبارت عمل:

یا لطیف یا خبیرا خبرنی

طریقہ زکوۃ:

ایک مربع آئینہ لے کر جس میں اپنی شکل واضح نظر آئے سامنے شیشہ رکھ کر باحصار اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور مندرجہ بالا عزیمت کو 1100 مرتبہ پڑھیں اس وقت بخور گوگل اور لوبان کا جلائیں اور پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ عمل وقت مقررہ پر روزانہ پڑھیں اول تو عمل 21 دنوں میں مکمل ہوگا ورنہ 40 دن میں اس عمل کی زکوۃ ادا ہوگی۔ دوران عمل شیشے میں عجیب وغریب مخلوق نظر آئے گی۔ اور آپ کا چہرہ غائب ہو جائے گا پھر ایک بزرگ آپ کو دکھائی دیں گے وہ آپ سے سلام کریں گے۔ پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے بعد آپ سلام کا جواب دیں اب جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو تو آپ سامنے شیشہ رکھیں اور عبارت کو 41 مرتبہ پڑھ کر شیشہ پر دم کریں فی

Scanned by CamScanner

الفور حاضرات کا نزول ہوگا جو بھی سوال کریں گے شیشہ میں تمام احوال صاف نظر آئے گا بعد ادائے زکوۃ عمل کو 100 مرتبہ ورد میں رکھنا ہوگا تا کہ عمل قابو میں رہے۔

☆ حاضرات ''یا نور''

عروج ماہ نو چندی جمعرات سے اس عمل کا آغاز کریں 2100 مرتبہ 11 یوم بعد نماز عشاء تنہا کمرے میں عمل پڑھیں اور بخور اگربتی کا روش کریں۔ عامل ہو جائیں گے بعد ادائے زکوۃ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو بچے کو اپنے سامنے بٹھا کر آنکھیں بند کرنے کو کہیں اور عامل 21 مرتبہ ''یا نور'' پڑھ کر بچے کی آنکھوں پر دم کریں۔ اول آخر 11، 11 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں سوال جواب حاصل کرنے کے بعد مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں۔

☆ حاضرات:

عبارت عمل:

سلام قولا من رب الرحیمO

طریقہ زکوۃ:

اس آیت کو 541 مرتبہ 21 یوم تک بعد نماز عشاء تلاوت کریں عمل باپرہیز پڑھیں تو آپ اس عمل کے عامل ہو جائیں گے جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور اس میں ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کو کہیں۔ عامل بچے پر درود شریف 11، 11 بار اور مذکورہ آیت 41 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول سیاہی میں ہوگا۔ جس سے آپ اپنے تمام تر مشکل امور کے

بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں خاص بات یہ اس حاضرات سے بچھڑے ہوئے عزیز و اقارب سے ملاقات کر سکتے ہیں چور کو دیکھ سکتے ہیں گمشدہ اشیاء کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں غرض عامل جو کچھ پوچھنا چاہے پوچھ سکتا ہے۔ یہ حاضرات آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً شیشہ، انگوٹھی، پانی، ہاتھ کی ہتھیلی پر، انڈے پر کپڑے پر غرض کہ یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔

☆ حاضرات

عبارت عمل:

یا اللہ یا رحمن یا اللہ یا رحیم حاضرات کو حاضر کر دے

حاضر بحرمت محمد رسول اللہ ﷺ

طریقہ زکوۃ:

مندرجہ بالا عزیمت کو 258 مرتبہ بعد نماز عشاء 11 یوم پڑھیں۔ آپ اس عمل کے عامل بن جائیں گے۔ پھر جب کبھی کسی معاملے میں حاضرات کی ضرورت پیش ہو تو آپ معمول کی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر سیاہی لگائیں اور مندرجہ بالا عزیمت کو 28 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو برابر پڑھتے ہیں جلد ہی حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ مشکل ترین امور کے بارے میں 100 فیصد معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ سوال جواب کا سلسلہ ختم کرنے کے بعد مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں۔

Scanned by CamScanner

☆ حاضرات تسبیح

عبارت عمل :

سبحان الله و بحمده

طریقہ زکوۃ :

جب حاضرات کی کسی معاملے میں ضرورت درپیش ہوتو عامل اور معمول دونوں پاک صاف ہوں اول وآخر درود شریف پڑھ کر معمول کو ہدایت کرے کہ وہ نقش میں کامل یکسوئی کے ساتھ دیکھتا رہے۔



حاضرات حاضرشوحاضرشوحاضرشو

اور عامل یہ تسبیح پڑھ کر معمول کی آنکھوں پر دم کرے اب کچھ۔۔۔۔حاضرات کا نزول نقش کے سیاہ خانے میں ہوگا جس سے آپ ہر جائز کاموں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ حاضرات

عبارت عمل :

یاحی یا قیوم بحق لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین O

طریقہ زکوۃ :

یہ حاضرات بہت زبردست روحانی قوت کی مالک ہے اس سے آپ ہر قسم کے مشکل ترین امور مثلاً کالے علم کی کاٹ، انعامی بانڈ، بیماری کا معلوم کرنا، غرض ہر کام میں اس حاضرات کی مدد حاصل کر سکتے ہیں طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء اندھیرے کمرے میں خلوت نشین ہوکر کریں کمرے میں عمدہ قسم کی اگربتی سلگائیں عروج ماہ میں اس عمل کا آغاز کریں باپرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ عمل کریں عمل رات کے دس بجے شروع کریں روزانہ کی تعداد 313 مرتبہ ہے زکوۃ 11 یوم میں ادا ہوگی۔اب آپ اس عمل کے عامل ہوجائیں گے۔جب حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھا کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں بچے کی عمر 10 سے 12 سال ہو اب آپ بچے پر 41 مرتبہ عبارت عمل پڑھ کر پھونکیں انشاء اللہ کچھ دیر بعد حاضرات کا نزول بچے کی ہتھیلی پر ہوگا۔جس سے آپ ہر قسم کے مشکل سوالات کے جوابات حاصل کر سکتے ہیں۔بعدہ سوالات کے مؤکلات کو جانے کی اجازت دیں اور عمل تمام کرنے کے بعد آدھا پاؤ برفی پر مؤکلات کی نیاز دلوائیں اور بچوں میں تقسیم کریں۔

Scanned by CamScanner

☆ حاضرات ''اللہ الصمد''

زکوۃ:

اگر کوئی شخص اس عمل کا عامل بننا چاہے تو عمل سے قبل ہر قسم کے گوشت، بدبودار اشیاء اور جماع کا پرہیز کرے نو چندی دنوں میں بعد نماز عشاء باحصاران اسمائے مبارک کو 2700 مرتبہ کامل یکسوئی کے ساتھ ورد کریں 7 دن میں اس کی زکوۃ ادا ہوگی پھر جب کبھی حاضرات کرنی ہو تو بچہ ا بچی جس کی عمر 12 سال ہو اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں دائرہ ایک روپے کے سکے سے بڑا نہ ہو بچے پر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر حصار لگائیں اور درود ابراہیمی 11,11 مرتبہ پڑھیں اور بچے کو ہتھیلی میں ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کو کہیں۔ اب عامل معمول پر مندرجہ بالا اسماء کو 21 یا 41 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے کچھ دیر بعد ایک بزرگ تشریف لائیں گے آپ معمول کے ذریعے اپنا اور معمول کا سلام حاضرات کو پیش کریں اور سلسلہ سوالات شروع کریں انشاء اللہ آپ کے ہر سوال کا جواب 100 فیصد درست ملے گا۔

☆ حاضرات

عزیمت:

ایاک نعبد و ایاک نستعین O

طریقہ زکوۃ:

مندرجہ بالا عزیمت کو 900 مرتبہ 21 یوم بعد نماز عشاء پڑھیں روزانہ قبلہ رو بیٹھ کر عمل کریں بخور اگربتی کا لگائیں 21 یوم میں زکوۃ ادا ہوگی آپ اس عمل کے عامل بن

جائیں گے۔ بعد ادائے زکوۃ جب بھی حاضرات سے مدد طلب کرنی ہو تو بچہ یا بچی (جس کی عمر 10 سال ہو) کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں اب عامل اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر 21 مرتبہ مندرجہ بالا آیت پڑھ کر دم کریں۔ تھوڑی دیر بعد سیاہی میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ ہر معاملے میں درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ حاضرات جن:

جب اس عمل کو کرنے کا ارادہ ہو تو جمعرات کے روز سورج نکلنے کے بعد تنہا مقام پر جائیں اول و آخر درود شریف کے سورۃ فاتحہ 7 مرتبہ سورۃ بقرہ کا آخری رکوع اور سورۃ جن کو 11 مرتبہ پڑھیں اور شب جمعہ کو بعد نماز عشاء تنہائی میں سورۃ جن 21 بار پڑھیں اور سیاہی میں عطر اور کافور کی ٹکیہ ڈال کر اس پر دم کریں۔ اور کسی ڈبیہ میں محفوظ کر لیں پھر جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو بچہ یا بچی جس کی عمر 12 سال سے زیادہ نہ ہو سیاہی میں دیکھنے کو کہیں اب عامل درود ابراہیمی 11,11 مرتبہ پڑھ کر آواز بلند ایک مرتبہ سورۃ جن کی تلاوت کرے اور بچے کی آنکھوں پر دم کرے سیاہی میں حاضرات کا نزول ہوگا اس وقت معمول کے ذریعے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔ اس حاضرات سے آپ گمشدہ کا پتہ چلانا، چوری، آثرات بد، مکان میں آسیبی اثرات، کا پتہ چلانا اور ختم کروانا غرض اس حاضرات سے آپ ہر طرح کی معلومات لے سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

☆ عمل حاضرات

عبارت عمل :

یاذالجلال ولاکرام

طریقہ زکوۃ:

سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ ادا کریں بعد نماز عشاء 5170 مرتبہ اسم کو رات 11 بجے پڑھے ایک دن میں زکوۃ ادا ہوگی اور آپ اس عمل کے عامل بن جائیں گے پھر جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو مندرجہ ذیل نقش میں دیکھنے کو کہیں اور عامل 100 بار اسم "یا ذالجلال ولاکرام" پڑھ کر بچے پر دم کرے چند ثانیہ بعد بچے کو نقش میں تمام احوال مثل ٹی وی دکھائی دے گا۔ جو چاہے معلوم کریں ہر سوال کا متمنی جواب ملے گا۔ اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں مثلاً انگوٹھے، ہاتھ کی ہتھیلی، انڈہ، شیشہ پانی وغیرہ، یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے کہ وہ کونسا طریقہ اختیار کرے۔

۷۸۶

۲۷۴	۲۷۷	۲۸۱	۲۶۷
۲۸۰	۲۶۸	۲۷۳	۲۷۸
۲۶۹	۲۸۳	۲۷۵	۲۷۲
۲۷۶	۲۷۱	۲۷۰	۲۸۲

بحق یا ذالجلال ولاکرام حاضر شو حاضر شو حاضر شو

☆ عمل حاضرات

عزیمت :

لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین بحق لاالہ الا

اللہ محمد رسول اللہ برحمتک یا الرحم الرحمین O

طریقہ زکوۃ :

یہ حاضرات آسان اور سہل ہے جو تھوڑی سی محنت سے حاصل ہوتی ہے۔ سب سے پہلے اس عزیمت کو 21 روز تک 41 مرتبہ بعد نماز عشاء تنہائی میں پڑھیں اور پرہیز جلالی و جمالی کریں مکمل ہونے کے بعد آپ اس عمل کے عامل ہو جائیں گے پھر جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو ایک نئے کورے چراغ یا شمع کی لو میں معمول کو دیکھنے کو کہیں جس کی عمر 10 سے 12 سال سے زیادہ نہ ہو اور عامل معمول پر مندرجہ بالا عزیمت 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ کچھ ہی دیر کے بعد چراغ کی لو میں ایک موکل کی شبیہ نظر آئے گی آپ سلام کہہ کر سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں تمام سوالوں کے جواب 100 فی صد درست ملیں گے۔ بعد سوالات عامل اجازت طلب کرے اور شکریہ ادا کرے اس حاضرات سے عامل غیر شرعی سوال نہ کرے ورنہ رجعت کا شکار ہوں گے۔

☆ حاضرات

عزیمت:

یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً اللہ

Scanned by CamScanner

طریقہ زکوۃ :

مندرجہ بالا عزیمت کو 7 یوم تک 1300 مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پرہیز کچے لہسن و پیاز کا کریں 7 یوم بعد آپ اس عمل کے عامل بن جائیں گے پھر جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو لڑکے یا لڑکی کو اپنے سامنے بٹھائیں اور آنکھیں بند کرنے کو کہیں اب عامل لاتعداد عزیمت پڑھ کر دم کرتا جائے کچھ ہی دیر بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل ترین امور کے بارے میں درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ:

اس حاضرات میں عمر کی کوئی قید نہیں یہ حاضرات بڑوں پر باآسانی کھل سکتی ہے جب بڑوں پر حاضرات کرنا مقصود ہو تو ان کی عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو جوابات حاصل کرنے کے بعد مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں اور شیخ عبدالقادر جیلانی کی نیاز دلائیں۔

☆ عمل حاضرات

عبارت عمل :

لاالہ الا انت سبحانك انی کنت من الظلمین O

طریقہ زکوۃ :

جب ضرورت ہو حاضرات کی کسی امر میں تو سب سے پہلے غسل کریں صاف لباس پہنیں جو خوشبو سے معطر ہو کمرہ بھی علیحدہ ہو اور معمول کو اپنے روبرو بٹھا کر دائیں

ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور عامل اول آخر درود پاک کے مندرجہ بالا عزیمت کو 21 یا 41 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ مشکل امور کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ حاضرات

عزیمت:

لا الہ الا اللہ لا شریک لہ یا ھو من اللہ حاضرات کو حاضر کرو باذن اللہ

طریقہ زکوۃ :

12/10 سال کے لڑکے یا لڑکی کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کاجل لگائیں خوشبو یا اگربتی سلگائیں پھر 3,3 مرتبہ درود پاک پڑھ کر مندرجہ بالا عزیمت 28 مرتبہ پڑھیں اور معمول پر برابر پھونکتے رہیں۔ انشاءاللہ حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ ہر مسئلے کا حل دریافت کر سکتے ہیں بعد سوالات کے مؤکلات کو جانے کی اجازت دیں اور شکریہ ادا کریں ناجائز سوال ہرگز نہ کریں ورنہ نقصان کے ذمہ دار آپ خود ہوں گے۔

☆ حاضرات:

عبارت عمل :

ورفعنا لك ذكرك O

Scanned by CamScanner

طریقہ زکوۃ :

جو شخص اس حاضرات کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہئے کہ سب سے پہلے اس عمل کی زکوۃ 10 یوم میں ادا کرے پرہیز جمالی کے ساتھ بعد نماز عشاء 100 بار عمل پڑھے عامل بن جائے گا۔ پھر جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل یا نابالغ بچے کو اپنے سامنے بٹھائیں سب سے پہلے عامل 41 مرتبہ درود پاک نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں پڑھ کر بخشے۔ بعد میں بچے کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائے اور اول آخر درود شریف 11,11 مرتبہ پڑھ کر مندرجہ بالا آیت 21 مرتبہ پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ چند لمحوں بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کو آپ ہر طریقہ سے کر سکتے ہیں۔

نوٹ :

یہ حاضرات بغیر زکواۃ کے بھی کام کرتی ہیں لیکن اس کے لئے عامل پرہیز گار اور متقی ہو سوال و جواب کے بعد مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں۔ اور 5 روپے کی شیرنی پر حضور اقدس ﷺ اور مؤکلات کی نیاز دلوائیں۔ کوئی بھی غیر شرعی سوال مؤکلات سے نہ کریں۔

☆ حاضرات کا مجرب عمل

عبارت عمل :

لقد کنت فی غفلة من هذا فکشفنا عنك غطائك

فبصرك اليوم حديد O

طریقہ زکوۃ :

نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف 11,11 بار بعدہ مندرجہ بالا آیت کو ایک سو اکتالیس مرتبہ تین یوم پڑھیں، عمل کو شروع کرنے سے قبل حصار ضرور کر لیں تو بہتر ہوگا بعد ادائے زکوۃ آپ اس عمل کے عامل بن جائیں گے۔ پھر جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو بچہ / بچی جس کی عمر 10 سال سے زیادہ نہ ہو آنکھیں بند کرنے کو کہیں اب عامل گیارہ مرتبہ عبارت عمل پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ فوراً حاضرات کا نزول ہوگا۔ تمام سوالات کے جوابات لینے کے بعد مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں۔

☆ حاضرات جن

طریقہ زکوۃ :

سب سے پہلے سورۃ جن کی پہلی چار آیات کو اچھی طرح حفظ کر لیں۔ عروج ماہ قمری میں اس عمل کی ابتداء کریں۔ اول و آخر درود شریف کے آیات مبارکہ کو 365 مرتبہ ورد کریں اور عمل کا ذکر کسی سے نہ کریں دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی لازمی ہے۔ پڑھائی کے دوران مشاہدات کا ظہور عامل کے روبرو ہوگا۔ چاہئے کہ ان کی طرف قطعی توجہ نہ دے کوئی شے آپ کے حصار کے اندر داخل نہ ہو سکے گی۔ نو روز میں زکوۃ ادا ہوگی اور آپ اس عمل کے عامل بن جائیں گے۔ پھر جب کبھی مشکل امور میں حاضرات کی ضرورت درپیش ہو تو پاک صاف بچے یا بچی کو اپنے روبرو بٹھائیں اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر

Scanned by CamScanner

کا جل لگائیں اور عامل اول و آخر درود شریف کے آیات مبارکہ کو 28 مرتبہ پڑھ کر برابر دم کرے۔ یکا یک معمول کی نگاہ سے حجاب اٹھ جائیں گے اور ایک بار عب چہرہ دکھائی دے گا۔ عامل معمول کے ذریعے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے بعد فراغت شکریہ ادا کرے اور جانے کی اجازت دیں۔ اور سفید شیرنی پر مؤکلات کی نیاز دلوائیں۔

☆☆☆☆☆

اعمال تسخیرات

Scanned by CamScanner

باب سونم

اعمال تسخیرات

☆ تسخیر مؤکلات (یاحی یاقیوم)

طریقہ زکوۃ :

سب سے پہلے اان اسماء مبارک کی زکوۃ 40 دنوں میں ادا کریں روزانہ کی تعداد 3125 مرتبہ اور دوران عمل پرہیز جلالی جمالی کریں بعد ادائے زکوۃ ایک تسبیح ورد میں رکھیں تاکہ عمل کی روحانیت قابو میں رہے۔

طریقہ یہ ہے کہ 40 دنوں تک تنہا کمرہ جس میں آپکے سوا کوئی قدم نہ رکھتا ہو کمرہ خوشبوؤں سے معطر ہو رات کے 10 بجے پاک صاف لباس پہن کر کمرے میں داخل ہوں۔ اور آیت الکرسی اور چاروں قل شریف کا حصار کریں کمرے میں اندھیرا ہونا بہت ضروری ہے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں چند یوم کے بعد اس عمل کے مشاہدات شروع ہوں گے۔ دوران عمل پہلے ہفتے میں آپ اپنی چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں سنیں گے آہستہ آہستہ یہ آوازیں بڑھتی جائیں گی۔ دوسرے ہفتے میں موکلات کی آمد شروع ہوگی کمرے میں روشنی کے پردے دکھائی دیں گے۔ اور گھنٹی کی آواز سنائی دے گی جو کہ آپ چلتے پھرتے بھی محسوس کریں گے۔ عامل کا باطن جتنا پاک ہوگا اتنی ہی جلد مشاہدات کا ظہور عامل کے سامنے ہوگا۔

20 یوم بعد مؤکلات آپ کے خواب میں آئیں گے اور راز و نیاز کی گفتگو کریں گے۔ جو کہ آگے سچ ثابت ہوگی۔ دروان پڑھائی مؤکلات آپ کو پکاریں گے اور

Scanned by CamScanner

کمرے میں عجیب وغریب آوازیں آئیں گی صرف اور صرف پڑھائی میں دھیان جما کر رکھیں جیسے جیسے عمل مؤثر ہوتا چلا جائے گا۔ مشاہدات کا سلسلہ بھی بڑھتا رہے گا۔ عمل کے آخری عشرے میں مؤکلات آپ کے سامنے آئیں گے اور گفتگو کریں گے اسی طرح دوران پڑھائی حاضری دیا کریں گے جب تک پڑھائی کی تعداد مکمل نہ ہو آپ کلام نہ کریں بعدہ کلام کر سکتے ہیں 35 سے 40 دنوں تک مؤکلات کی آمد بڑھ جائے گی۔ بالآخر چالیسویں دن آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے قریب ہوگی آپ کی خلوت گاہ میں بھینی بھینی سی خوشبو پیدا ہوگی۔ سارا کمرہ نور سے منور ہوگا۔ اور مؤکلات آپ کے سامنے غیب سے نمودار ہوں گے آپ ان کے استقبال کے لئے کھڑے ہوں جائیں مؤکلات آپ کو سلام کریں گے تو آپ عزت واحترام کے ساتھ جھک کر سلام کا جواب دیں وہ کہیں گے کہ تم نے ہمیں کیوں بلایا ہے تو آپ کہیں کہ اللہ نے آپ کو زبردست روحانی قوت سے نوازا ہے میں آپ سے اپنے دینی اور دنیاوی کاموں میں مدد چاہتا ہوں۔ جب کبھی مجھے کسی کام میں آپکی مدد کی ضرورت پڑے تو آپ حاضر ہو کر میرا کام انجام دیں۔ جب وہ عہد کر لیں تو آپ پر بھی کچھ شرائط لگائیں گے کہ ہر وقت پاک صاف رہنا، نماز وروزہ کئے جانا، تمام گناہوں سے دور رہنا حرام نہ کھانا۔ آپ ان کی ان تمام باتوں کا اقرار کر لیں اور فی الفور حاضری کا طریقہ بھی دریافت کر لیں اور دی گئی نشانی کو کسی پر ظاہر نہ کریں ورنہ عمل کی روحانیت جاتی رہے گی واضح رہے کہ مؤکلات کو غلط کام کے لئے زحمت نہ دیں ورنا آپ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے بعدہ مؤکلات کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں اور کامیابی کے بعد دو نفل شکرانے کے ادا کریں۔

☆ تسخیر مؤکل

عزیمت :

حسبنا الله و نعم الوکیل O نعم المولیٰ و نعم النصیر O

طریقہ زکوۃ :

یہ ایک انتہائی آسان عمل ہے بہت کم عامل اس عمل کے بارے میں جانتے ہوں گے یہ عمل کبھی خطا نہیں کرتا اس سے بہتر عمل حاضری مؤکل کا آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملے گا جو شخص اس کا عمل کرے گا اس کے مشاہدات خود ہی جان لے گا اگر کوئی شخص ان کو تسخیر کرنے کے بعد کسی بھی قسم کا ناجائز کام کروائے گا تو پھر عامل کی جان خطرے میں ہوگی بعض اوقات اس عمل میں عجیب وغریب صورتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کے مؤکلات دنیا کا کوئی بھی کام سیکنڈوں میں کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں وہ لوگ جو تقویٰ طہارت کے پابند ہوں، حرام نہ کھاتے ہوں ہر طرح کے گناہ سے دور ہوں اللہ اور محمد ﷺ سے سچی محبت رکھتے ہوں وہ اس عمل کا چلہ ضرور کریں۔ بے شک اللہ تعالیٰ ان کو کامیابی عطا فرمائے گا۔

تہجد کی نماز ادا کر کے اس عمل کا چلہ کرے اور عمل کا اظہار سوائے اپنے مرشد یا استاد کے کسی سے نہ کریں پرہیز جلالی کے ساتھ عمل کا آغاز کرے۔ قبل از عمل دو رکعت نماز حاجت پڑھے بعد سورۃ فاتحہ کے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص 3,3 بار پڑھے اور اس کا ثواب حضور اقدس ﷺ کو اور مؤکلات کو بخش دیں اگر بتی سلگا کر اول آخر درود شریف 41,41 بار اور عمل کی تعداد کو 700 مرتبہ وقت مقررہ پر ادا کرے پھر کامیابی کی دعا مانگ

Scanned by CamScanner

لے دوران عمل وہیں سوئے جہاں آپ نے عمل پڑھا ہے۔عمل سے قبل حصار ضرور کریں اور نماز پنجگانہ برابر ادا کرتے رہیں۔دوران عمل جو بھی مشاہدہ دیکھیں اس کا ذکر کسی سے نہ کریں پڑھائی کے وقت مؤکلات آپ کے سامنے آئیں گے اور گفتگو کریں گے۔لہذا عامل کو چاہئے کہ ان کی کسی بات پر توجہ نہ دے بلکہ یکسوئی کے ساتھ اپنی پڑھائی مکمل کرے اکتالیسویں روز پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے بعد خود بخود مؤکلات آپ کے سامنے آئیں گے۔اور کہیں گے کہ ہمیں کیوں بلایا ہے عامل پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے پر کہے کہ میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں اور اپنے ہر کام میں آپ کی رہنمائی چاہتا ہوں۔ چنانچہ وہ ان تمام باتوں کا اقرار کرے گا پھر عامل مؤکل سے نشانی طلب کرے اور ان کی جلد سے جلد حاضری کا طریقہ بھی دریافت کرے۔جب بھی عامل موکل کو کسی کام کی غرض سے حاضر کرے گا تو حاضر ہو کر فوراً حکم بجالائے گا۔

☆ تسخیر مؤکلات

عبارت عمل :

بسم اللہ الرحمن الرحیم O

طریقہ زکوۃ :

اس عمل کی ریاضت سے چار مؤکلات عامل کے سامنے حاضر ہوتے ہیں اگر کوئی شخص ان کو مطیع کر کے دنیا اور دین کے کاموں میں مدد لینا چاہئے تو عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات سے ترک جلالی کرے ایک علیحدہ کمرے میں اس عمل کا چلہ شب کو بعد نماز عشاء کرے۔قبلہ کی جانب منہ کر کے سفید جائے نماز جو بغیر سلا ہوا ہو اور لباس مثل

احرام بغیر سلا ہوا اوڑھ کر بخور لوبان کا روشن کریں اور عبارت عمل کو 786 مرتبہ پڑھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے۔اور کامیابی کے لئے دعا مانگ لیں۔عمل سے قبل حصار ضرور کر لیا کریں اور ورد سے قبل دو رکعت نماز حاجت پڑھے تو بہت بہتر ہوگا تعداد مکمل ہونے کے بعد وہیں سونا لازمی ہے جہاں آپ نے پڑھائی کی ہو۔پڑھائی کے وقت اپنا لباس مخصوص رکھے دن کے وقت درود شریف اور استغفار کا ورد کثرت سے کرے تا کہ اثرات جلد ظاہر ہوں دوران عمل جو بھی مشاہدات عامل دیکھے ان کا ذکر اپنے مرشد کے سوا کسی سے نہ کرے پڑھائی کے وقت مؤکلات آپ کے سامنے آئیں گے گفتگو کریں گے پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے بعد آپ گفتگو کر سکتے ہیں جیسے جیسے عمل موثر ہوتا جائے گا۔مؤکلات کا ظہور بھی بڑھ جائے گا۔ چنانچہ اکتالیسویں روز جب آپ کی تعداد مکمل ہونے کے قریب ہوگی تو چار مؤکلات عامل کے روبرو حاضر ہوں گے۔اور اسلام علیکم کہیں گے عامل کو چاہئے کہ ان کے احترام میں وعلیکم السلام کہیں اگر تعداد مکمل نہیں ہوئی تو ہاتھ سے اشارہ کریں تعداد مکمل ہونے کے بعد ان سے بھائی چارے کا عہد لیں۔اور الگ الگ نشانی طلب کریں تمام مؤکلات آپ کو اپنی حاضری کا مخصوص راز بتائیں گے چنانچہ عامل ان کا شکریہ ادا کرے اور اس راز کو مخلوق سے پوشیدہ رکھے اور اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرے عامل جب بھی ان مؤکلات کو کسی کام کی غرض سے حاضر کرے گا تو فی الفور حاضر ہو کر دنیا کا مشکل سے مشکل ترین کام کر دیا کریں گے ان روحانی ہستیوں سے آپ بگڑے ہوئے لوگوں کی راہ راست پر لا سکتے ہیں اور اپنے فوت شدہ عزیز و اقارب سے بھی ملاقات کر سکتے ہیں کسی بھی قسم کا ناجائز کام ان سے نہ لیں ورنہ جان خطرے میں ہوگی اور یہ روحانی بزرگ عامل

Scanned by CamScanner

سے ناراض ہو کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے چلے جائیں گے۔

☆ تسخیر ارواح

ہر شخص چاہتا ہے کہ مؤکلات جنات اور ہمزاد اسے نظر آئیں۔لیکن اس زمانے میں ارواح کو تابع کرنا نہایت ہی دشوار ہے جس کے لئے سخت ریاضت کرنا پڑتی ہے کہیں بھی غلطی کر دینے سے عمل ناکام ہو جاتا ہے اور رجعت کا اندیشہ بھی ہوتا ہے۔ایک بات مشاہدے میں آئی ہے کہ اکثر لوگ مشکل ترین ریاضتوں اور پرہیز ترک حیوانات سے گھبراتے ہیں اور کچھ تو عمل کرنا ہی چھوڑ دیتے ہیں۔

قارئین آپ کے لئے ایک مجرب عمل پیش کر رہا ہوں جو ارواح کی تسخیر کے لئے مجرب عمل اور آسان ہے۔ہر شخص عمل کے ذریعے مخفی مخلوق کا مشاہدہ کر کے دنیاوی اغراض و مقاصد میں معاونت حاصل کر سکتا ہے اور دنیا میں خوش و خرم زندگی بسر کر سکتا ہے لیکن کسی قسم کا بھی ان سے ناجائز کام نہ لیں ورنہ نقصان سے کوئی نہ بچا سکے گا۔اور سب سے خاص بات یہ کہ نہ ہی اس میں ریاضت کرنا پڑتی ہے اور نہ ہی کسی قسم کا پرہیز کرنا پڑتا ہے۔

لیکن ایک بات یاد رکھئے اس عمل میں ڈر خوف بہت زیادہ آتا ہے بس اپنے دل کو مضبوط رکھیں کوئی چیز آپ کو نقصان نہ پہنچا سکے گی اللہ رب العزت نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اگر قوت ارادی مضبوط ہو تو کائنات انسان کے سامنے سرنگوں ہو جاتی ہیں۔

جو شخص یہ عمل کرنا چاہے مصنف و مؤلف سے اس عمل کا طریقہ کار اور اجازت

طلب کر سکتے ہیں۔

☆ تسخیر مؤکل دست غیب

عبارت عمل:

ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجاO و یرزقہ من حیث لا یحتسب ط ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ط ان اللہ بالغ امرہ ط قد جعل اللہ لکل شی قدراً O

طریقہ زکوۃ:

عروج ماہ میں بروز جمعرات اس عمل کو بعد نماز عشا کریں اندرونی اور بیرونی صفائی پیدا کر کے کسی علیحدہ پرسکون مکان میں عمل کرے۔اور کمرہ خوشبوؤں سے معطر ہو۔ یہ عمل انتہائی آسان ہے اور بے خطا بھی نہ ہی دوران عمل مؤکل ڈراتا دھمکاتا ہے اس عمل میں عامل کو حصار کرنے کی ضرورت بھی نہیں ہے۔بس پڑھائی کے وقت شور و غل نہ ہو۔ اول و آخر درود شریف کہ مندرجہ بالا آیت مع بسم اللہ شریف کے 121 بار پڑھیں۔ روزانہ وقت مقررہ پر عمل کریں اور چنبیلی کے تازہ پھول اپنے ہمراہ رکھیں۔اسی طرح عمل مکمل کر کے کامیابی کی دعا مانگیں۔اور کسی سے گفتگو کئے بغیر وہیں سو جائیں دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کریں۔فارغ اوقات میں استغفار اور درود شریف کا ورد کثرت سے کریں۔21 ویں روز جب عامل کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہو گی تو ایک مؤکل غیب نمودار ہو گا اور اسلام و علیکم کہے گا۔اگر پڑھائی کی تعداد مکمل نہیں ہوئی تو اشارے سے ورنہ جب تعداد مکمل ہو تو بآواز بلند سلام کا جواب دیں۔اور ایک عدد چنبیلی کا پھول مؤکل کو پیش کریں

Scanned by CamScanner

تو وہ سوال کرے گا کہ تو مجھ سے کیا چاہتا ہے؟ تو آپ اس سے کہیں کہ میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں۔ تاکہ اپنے دینی اور دنیاوی کاموں میں مدد لے سکوں اور مجھے دوبارہ بلانے کا طریقہ بھی بتلا دیں۔ وہ آپ سے عہد کرے گا اور نشانی دے گا۔ دی گئی نشانی کو کسی پر ظاہر نہ کریں جب کسی مشکل کام کے لئے مؤکل کو حاضر کرنا چاہیں گے تو فی الفور حاضر ہو کر آپ کا کام کر دے گا۔ غیر شرعی کام مؤکل سے نہ کہیں ورنہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔

☆ تسخیر مؤکل سفلی

اول وضو کریں پاک صاف لباس پہن کر مسواک بھی کریں، درود شریف 10 یا 14 مرتبہ اول و آخر پڑھیں پھر موکل نام "یا خفشطیش" ایک ہزار مرتبہ پڑھ لیں پھر سورۃ اخلاص 1002 بار پڑھیں۔ آخر میں "یا خفشطیش" ایک ہزار بار پڑھیں پھر درود شریف 10 یا 14 مرتبہ پڑھیں اور روز اول کا عمل تمام کریں۔ اور کامیابی کے لئے دعا مانگ لیں۔ ذہن پاک صاف ہو یہ سورۃ اخلاص کا سفلی مؤکل ہے جو انتہائی طاقتور ہے۔ دنیا کا کوئی بھی کام چشم زدن میں کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے کم سے کم تین رات زیادہ سے زیادہ نو رات تک عمل کریں۔ عروج ماہ میں اس عمل کا آغاز کریں پہلے تین دن عمل پڑھیں۔ پھر تین وقفہ دیں پھر تین رات عمل پھر تین دن وقفہ دیں پھر تین دن عمل کر کے عمل کا اختتام کریں۔ اس طرح ایک ماہ میں 9 روز عمل کریں۔ مؤکل انسانی صورت میں سامنے آئے گا سوچ سمجھ کر شرائط طے کریں۔ اگر ایک ماہ میں نہیں آئے تو دوبارہ اگلے ماہ کریں ضرور کامیاب ہوں گے۔ پرہیز بڑے گوشت کا کریں۔ اس میں

کامیابی کے بعد آپ کو دنیا کہ کسی بھی عمل کی ضرورت نہ رہے گی۔

نوٹ:

اس عمل کو بغیر نگرانی کے نہ کریں۔ ورنہ نقصان ہونے کا اندیشہ ہوگا اجازت عمل کے لئے مصنف و مؤلف حافظ راحیل احمد سے رابطہ کریں تاکہ کامیابی یقینی ہو اور رجعت سے محفوظ رہیں۔

☆ حاضری مؤکلات "سورۃ رحمان"

طریقہ زکوۃ:

سب سے پہلے اس سورۃ کو اچھی طرح حفظ کر لیں۔ جس میں ذرا سی بھی غلطی کوتاہی نہ ہو یہ ایک زبردست قسم کا عمل ہے اور بالکل بے ضرر اور بے خطا ہے اگر کوئی شخص اس سورۃ کے مؤکلات کو اپنا دوست بنانا چاہے تو اسے چاہئے کہ اس عمل کا چلہ ضرور کرے۔ عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات سے اس عمل کا آغاز کرے اول و آخر درود شریف 7 ،7 بار پڑھے اور سورہ رحمٰن کو 21 اکیس مرتبہ پڑھ کر 41 یوم عمل کریں۔ اور کامیابی کے لئے دعا مانگ لیں۔ اور روزانہ وقت مقررہ پر عمل کریں۔ اور کسی قسم کے خوف کو اپنے دل میں جگہ نہ دیں کیونکہ اس عمل میں کسی قسم کا ڈر خوف نہیں ہے۔ دوران چلہ کشی عامل کے سامنے حسین و جمیل اور حیرت انگیز مشاہدات کا ظہور ہوگا اور اس کی ریاضت میں کسی بھی قسم کی رجعت کا اندیشہ نہیں ہے۔

عمل کرتے وقت عامل کا لباس سفید ہونا چاہئے۔ اور سر پر کالے رنگ کا عمامہ باندھا ہوا ہو جس قدر ظاہر و باطن پاک ہوگا اتنی ہی جلدی مشاہدات شروع ہوں گے۔

Scanned by CamScanner

چند روز بعد اس عمل کے مشاہدات کا ظہور عامل کے روبرو ہوگا اور مؤکلات آپ کے سامنے آیا کریں گے۔ اور آپ سے گفتگو کریں گے عامل کو چاہئے کہ ان کی طرف قطعی توجہ نہ کرے۔ جیسے جیسے دن گزرتے جائیں گے عجائبات آپ کے سامنے منکشف ہوتے رہیں گے آخری تین روز میں دوران پڑھائی مؤکلات کی آمد بہت بڑھ جائے گی۔ اور مؤکلات آپ سے گفتگو کرنے کی بھرپور انداز میں کوشش کریں گے۔ بالآخر اکتالیسویں روز جب آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے قریب ہوگی تو خلوت گاہ یعنی جس جگہ آپ پڑھائی کر رہے ہیں نور اور روشنی سے منور ہو جائے گی۔ ہر طرف چمک دمک مثل بجلی کے دکھائی دے گی اور بزرگ ہستیاں آپ کے سامنے آئیں گی اس لمحہ ایک گھوڑے پر سوار ایک حسین وجمیل شخص (''نور''علی نور'') دکھائی دے گا وہ آ کر اسلام علیکم کہے گا عامل عزت وتکریم کے ساتھ کھڑے ہو کر سلام کا جواب دے اور کہے کہ بندہ مسکین خدا کا ایک عاجز غلام ہے۔ دینوی اور دنیاوی ضرورت بہت رکھتا ہے اور آپ سے ایک نشانی کا امیدوار ہے جس وقت مجھ کو کوئی ضرورت درپیش آئے گی۔ تو یہ بندہ آپ کو یاد کرے گا۔ وہ بہت خوش ہوں گے اور نشانی دیں گے اور بتائیں گے کہ ہم کو یاد کرو گے تو فوراً ہم تمھاری حاجت پوری کریں گے۔ لیکن ہماری بھی کچھ شرائط ہیں تمھیں ان کی پابندی کرنی ہوگی کسی کو دھوکہ نہ دینا، ہر برے کام سے باز رہنا، حرام نہ کھانا، نماز روزے سے کام لینا ضرورت مندوں کی مدد کرنا، ہر جمعرات کے روز قبرستان میں جا کر 21 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر مردوں کو ایصال ثواب کرنا۔ عامل کی ان باتوں کا اقرار کرے اور مؤکلات کا شکریہ ادا کرے۔ پھر ان کو رخصت کر دیں تو مؤکلات آپ کی نظروں سے اوجھل ہو جائیں گے۔ کامیابی کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور کسی بھی غیر شرعی کام کے لئے مؤکلات کو

ہرگز حاضر نہ کریں۔ ورنہ عمل کا تصرف جاتا رہے گا سورہ رحمٰن کا یہ عمل بہت زیادہ مؤثر اور نیک ہے جس میں کسی قسم کا ڈر خوف نہیں۔

جنات کے بادشاہ سے خدمت حاصل کرنا

عزیمت :

رب المشرق و المغرب لا اله الا هوا فاتخذه وكيلا O

طریقہ زکوۃ :

اس عمل کو نو چندی جمعرات سے شروع کیا جائے انڈہ، گوشت، مچھلی، دودھ، لہسن، پیاز کا کھانے میں پرہیز کریں۔ 41 دن تک کسی جانور کے قریب بھی نہ جائیں جس مکان میں یہ عمل کریں وہ پاک صاف ہو جہاں کوئی گھریلو سامان نہ ہو پاک صاف ہو کر اچھے کپڑے پہنیں اور خوشبو لگائیں۔ زمین پر ایک فولادی چھری یا چاقو سے ایک ایسا گول مندلہ بنائیں کہ جس میں پڑھائی کے وقت سکون سے بیٹھ سکے اور سورۃ مزمل شروع سے لے کر آخر تک لیکن مندرجہ ذیل آیت کی تکرار 3,3 مرتبہ کرے۔ اسی طرح روزانہ کی تعداد 41 مرتبہ ہوگی۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل کا آغاز کریں روز اول کا عمل ختم کر کے کامیابی کی دعا مانگ لیں۔ پس دوران عمل عجیب و غریب مشاہدات کا سامنا ہوگا جس سے عامل خوفزدہ بھی ہو سکتا ہے حصار کے اندر کوئی بھی شے داخل نہ ہو سکے گی حصار سے باہر نکلتے وقت 7 جگہ سے حصار کاٹ کر باہر نکلیں۔ اس طرح کل 41 یوم کا عمل وقت مقررہ پر کریں آخری عشرے میں عجائبات کا ظہور بڑھ جائے گا۔ اور مزید خوفناک دل ہلا دینے والے مناظر سامنے آئیں گے۔ آخری پانچ

Scanned by CamScanner

دنوں میں بہت ہی خطرناک عجیب وغریب واقعات پیش آئیں گے عمل کے آخری روز بہت شور وغل ہوگا۔ عامل اس وقت اپنا دل مضبوط رکھے ورنہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ بالآخر پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے پر بادشاہ جنات آپ کے روبرو حاضر ہوگے اور اسلام علیکم! کہیں گے اور دریافت کریں گے کہ ہمیں کیوں بلایا؟ عامل کو چاہئے کہ اپنا مدعا بیان کرے اور شرائط طے کر کے دوبارہ حاضری کا طریقہ دریافت کرے۔

☆ تسخیر جن

عبارت عمل:

اجب یالوش بحق سلیمان بن داؤد علیه السلام

طریقه زکوة:

عروج ماہ قمری میں نو چندی جمعرات یا نو چندی اتوار سے عامل ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور آبادی سے دور کسی علیحدہ مکان کا انتظام کرے۔ رات کے وقت اس مکان کے کمرے میں داخل ہو جہاں آپ نے عمل کرنا ہے۔ بخور لوبان کا روشن کرے۔ اپنے گرد حصار کریں اور عبارت عمل کو ایک ہزار مرتبہ ورد کریں اول آخر درود شریف 11,11 مرتبہ پڑھیں پھر حصار کاٹ کر باہر نکل جائیں روز اول کا عمل مکمل کریں اور کامیابی کی دعا مانگ لیں۔ اور اسی جگہ سو جائیں زیادہ بہتر ہے یہ عمل کل 40 یوم کا ہے روزانہ وقت مقررہ پر پڑھائی کریں دوران عمل عجیب وغریب مشاہدات کا ظہور ہوگا۔ جس سے عامل خوفزدہ بھی ہوسکتا ہے حصار کے اندر کوئی شے بھی داخل نہ ہوگی۔ عمل کا اظہار اور دوران عمل پیش آنے والے مشاہدات کا ذکر اپنے پیر و مرشد کے علاوہ کسی

دوسرے سے نہ کریں ورنہ عمل باطل ہو جائے گا اور دوبارہ سے کرنا پڑے گا 40 ویں روز جب پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے قریب ہوگی تو آپ کی آنکھوں سے حجابات دور ہو جائیں گے۔ اور آپ کے روبرو ایک جن غیب سے نمودار ہوگا وہ آپ کو سلام کرے گا لیکن آپ پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے بعد سلام کا جواب دیں وہ آپ سے کہے گا کہ مجھے کیوں بلایا ہے تو پھر عامل کہے کہ میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں تا کہ آپ میرے دنیاوی کاموں میں مدد فرمائیں اور فی الفور حاضری کا طریقہ بھی دریافت کریں اور کہیں کہ جب بھی مجھے کسی کام میں آپ کی مدد کی ضرورت ہوگی تو میں آپ کو حاضر کر لیا کروں گا جب وہ ان تمام باتوں کا اقرار کرے تو اس کا شکریہ ادا کریں اور جانے کی اجازت دیں غیر شرعی کام کے لئے جن کو ہرگز نہ بلائیں ورنہ ایسی رجعت میں مبتلا ہوں گے کہ کوئی عامل یا بزرگ آپ کو ٹھیک نہ کر سکے گا۔

تسخیر جنات:

یہ عمل مجھے ایک دوست سے ملا تھا اور ان کا آزمودہ ہے جو لوگ نڈر اور بہادر ہوں وہ اس عمل کا چلہ ضرور کریں کامیابی ان کے قدم چومے گی۔ انشاءاللہ۔ جو شخص چاہتا کہ جنات سے اپنے مسائل میں مدد حاصل کرے اسے چاہئے کہ عروج ماہ سے اس عمل کی ابتداء کرے پرہیز جمالی وجلالی کرے مغرب کے بعد سورۃ جن 3 مرتبہ پڑھے پھر بعد نماز عشاء آبادی سے دور ایسی جگہ جائے جہاں آب رواں ہو۔ رات کے بارہ بجے چلتے پانی سے غسل کرے اور پاکیزہ لباس پہن کر پانی کے نزدیک بیٹھے اور سورۃ جن کو باحصار 49 بار پڑھے چند یوم بعد اس عمل کے مشاہدات شروع ہوں گے آپکو اپنے گرد چلنے پھرنے کی آواز سنائی دے گی اور منہوس آوازیں آئیں گی جیسے کوئی رو رو کر آپ کو پکار رہا ہو۔

Scanned by CamScanner

چند خطرناک خونخوار آدمی جن کے منہ سے خون بہہ رہا ہوگا آپ کی طرف آتے دکھائی دیں گے۔ اگلے روز ایک وسیع آگ کا گولہ آپ کی طرف آتا ہوا معلوم ہوگا۔ غرض ہر روز عجیب وغریب مشاہدات سے عامل کو گزرنا پڑے گا۔ ان تمام چیزوں کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہ ہوگا اگر عامل خوف سے حصار توڑ کر باہر نکل جائے تو دیوانہ ہوگا یا جان چلی جائے گی آخری 10 روز خوفناک مشاہدات کا عامل کے سامنے ظہور ہوگا اور جنات کی پوری کوشش ہوگی کہ آپ عمل کو ترک کریں یاد رکھیں جو ڈر گیا وہ مر گیا۔ اگر آپ عمل کو چھوڑنا چاہیں تو تین دن اس کی مدت ہے دیگر چھوڑنے پر آپ کو نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ دوران عمل آپ کی نظر ایک وحشی انسان پر پڑے گی جو برہنہ حالت میں ہوگا اور آپ سے ہمکلام ہوگا۔ اور بھرپور انداز میں گفتگو کرنے کی کوشش کرے گا آپ اپنی پڑھائی جاری رکھیں اور اس کی کسی بھی بات کی طرف دھیان نہ دیں۔ وہ غصے سے آپ کی طرف دیکھے گا اور کہے گا کہ پڑھائی بند کرو ورنہ تمھارے گھر والوں کو ماردوں گا کچھ دیر کے بعد اس کے ہاتھ میں آپ کے گھر کے کسی فرد کا کٹا ہوا سر ہوگا آپ پھر بھی اس کی طرف توجہ نہ دیں کیونکہ یہ تمام چیزیں خیالی ہوں گی بالآخر چالیسویں روز جنات کا ایک گروہ آپ کے سامنے حاضر ہوگا اور سلام کرے گا۔ پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے بعد آپ سلام کا جواب دیں اور مناسب شرائط طے کرلیں۔

اور ہر ایک جن سے الگ الگ نشانی لے لیں اور شکریہ ادا کریں۔ جب آپ کو کسی کام میں جنات کی مدد کی ضرورت ہوگی تو وہ حاضر ہوکر آپ کا کام کریں گے یاد رہے ان سے اس بات کا معاہدہ بھی کریں کہ ہر وقت میرے ساتھ نہ رہنا جب بھی کسی کام کی غرض سے بلاؤں تو تب حاضر ہوکر میرا کام کرنا۔

☆ تسخیر مؤکل سورۃ اخلاص

طریقہ زکوۃ :

اس عمل میں کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ عامل تقویٰ طہارت کا پابند ہو اور ظاہر و باطن بھی پاک ہو تو پھر اس عمل کو کرنے کا ارادہ کرے ورنہ مؤکل باطنی طور پر تسخیر ہو گا عمل سے قبل 3 دن پہلے ترک حیوانات جلالی و جمالی شروع کریں۔ عروج ماہ قمری نو چندی جمعرات سے اس عمل کی ابتداء کرے۔ ہر نماز کے بعد سورۃ اخلاص سو مرتبہ پڑھے اور آدھی رات کے بعد سفید احرامی لباس پہن کر اور سفید مصلہ لے کر خلوت گاہ میں داخل ہو عمل کے لئے مکان بالکل تنہا ہو۔ کمرے میں مکمل تاریکی ہونا لازمی ہے دوران عمل اس جگہ سے کسی کا گزر نہ ہو ورنہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ کمرہ خوشبوؤں سے معطر ہو۔

سب سے پہلے چاہئے کہ نماز تہجد ادا کرے پھر اپنے گرد حصار سورۃ یسین الحمد شریف اور آیت الکرسی کا کرے اول آخر درود شریف 5,5 مرتبہ پڑھنے کے سورۃ اخلاص 502 مرتبہ ورد کرے۔ عمل روزانہ وقت مقررہ پر کریں اس طرح روزانہ کی تعداد کو 1002 مرتبہ پورا کریں۔ دوران عمل عامل کو جو بھی مشاہدہ دیکھنے کو ملے اس کا ذکر اپنے استاد کے علاوہ کسی سے نہ کرے۔ اور فارغ وقت میں درود شریف اور استغفار کی کثرت کرے۔ ساتویں دن جب آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہوگی تو ایک مؤکل آپ کے روبرو حاضر ہوگا۔ اور سلام کرے گا آپ سلام کا جواب دیں یہ مؤکل بہت ہی مبارک ہے جس کا چہرہ چاند کی طرح چمکدار ہوگا۔ عامل کو چاہئے اس وقت خوف کو اپنے دل میں جگہ نہ دے کیونکہ یہ مؤکل آپ کو کوئی نقصان نہیں دے گا۔ حسب طاقت معاہدہ کریں۔

Scanned by CamScanner

اور جو کام بھی کہیں گے اس کو پورا کرنا اور ہمیشہ مطیع رہنے کا اقرار کریں ازکوۃ قائم رکھنے کے لئے عبارت عمل کو روزانہ 11 مرتبہ ورد کرنا لازمی ہے جب بھی آپ مؤکل کو کسی کام کی غرض سے حاضر کریں گے تو فوراً حاضر ہو کر آپ کا کام کر دے گا اگر 7 یوم میں حاضر نہ ہو تو برابر 21 یوم کا چلہ کریں انشاءاللہ مؤکل ضرور تشریف لائے گا۔

☆ دعوت "یا جبار یا قھار"

طریقہ زکوۃ :

یہ عمل آپ کو کسی بھی کتاب میں نہیں ملے گا۔ اس میں کامیابی واضح طور پر عامل کے سامنے آتی ہے نیز اس عمل کا چلہ وہی لوگ کریں جو نڈر اور قوی دل کے مالک ہوں۔ کیونکہ یہ اسم پاک اپنے اندر بے پناہ جلالیت رکھتے ہیں اگر عامل چلے کے دوران خوف سے باہر نکل گیا تو سخت ترین رجعت کا شکار ہو کر دیوانہ ہو جائے گا یا پھر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ چونکہ اس کے مؤکلات بے پناہ قوت رکھتے ہیں اور عامل کا کام چشم زدن میں پورا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور دعوت دینے پر عامل کے روبرو حاضر ہوتے ہیں

اگر کوئی شخص "یا جبار یا قھار" کے عمل کا ارادہ رکھتا ہو تو اس کو چاہئے کہ ترک حیوانات جلالی جمالی کا پابند ہو کر بعد نصف شب تنہا کمرے میں بیٹھ کر جو آبادی سے دور ہو جہاں کسی قسم کا شور نہ ہو عمل کا آغاز کرے۔ لباس سفید احرامی جس پر سوئی سے سلائی نہ ہوئی ہو۔ پہن کر عبارت عمل کو 3125 مرتبہ چالیس یوم پڑھیں اور سوا لاکھ کی تعداد پوری کریں۔ روزانہ وقت مقررہ پر عمل کریں۔ اور اپنی حفاظت کے لئے کسی نئی فولادی چھری سے اپنے گرد حصار کریں۔ دوران عمل عامل کو خوفناک دل ہلا دینے والے

مناظر دکھائی دیں گے عامل اس وقت اپنا دل قوی رکھے اور ہرگز حصار سے باہر نہ نکلے۔ جب تک پڑھائی کی تعداد مکمل نہ ہو گئی ہو۔ اگر عامل چلے کے دوران خوفناک مناظر سے ڈر کر حصار سے باہر نکل گیا تو سخت ترین رجعت کا شکار ہو گا۔ اور اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ آخری دن عامل کی سخت آزمائش کا دن ہو گا۔ دل کو مضبوط رکھیں۔ اور جب عامل کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہو گی تو تمام مناظر خود بخود حیرت انگیز طور پر ختم ہو جائیں گے۔ اور ایک خوبصورت انسان آپ کے سامنے حاضر ہو گا۔ عامل کو چاہئے کہ نہایت ادب و احترام سے اس کے سلام کا جواب دیں اور ان کی بہت تعظیم کریں۔ اور عہد لے کہ جب کبھی مجھے کسی کام کی غرض سے آپ کو بلانا مقصود ہو تو آپ فی الفور حاضر ہو جایا کریں۔ اور جائز کام میں میری مدد کرنا اور جلد از جلد حاضری کا طریقہ کار بھی دریافت کر لیں۔ مؤکل سے یہ بھی عہد لیں کہ ہر وقت میرے ساتھ نہ رہے بلکہ صرف اور صرف بلانے پر حاضر ہونا۔ وہ آپ کی تمام باتوں کا اقرار کر لے گا پھر آپ اس کو جانے کی اجازت دیں۔ مؤکل آپ کی نظروں سے اوجھل ہو جائے گا آپ حصار کاٹ کر باہر آئیں اور دو رکعت نماز پڑھ کر شکریہ ادا کریں۔ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ عبارت عمل کو 100 مرتبہ ورد کریں عامل کو جب بھی مشکل کام پڑے یا سائل کا کسی قسم کا کام ہو تو مؤکل کو حاضر کر کے اپنا مقصد بیان کریں۔

☆ تسخیر مؤکل کا آسان عمل

طریقہ زکوۃ :

اگر کوئی شخص مؤکل کو تسخیر کرنا چاہتا ہو تو عروج ماہ میں نوچندی جمعرات سے اس

Scanned by CamScanner

عمل کا چلہ شب کے وقت کریں۔ اور سورۃ الکوثر کو اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے عمل سے قبل حصار ضرور کرلیں اور کمرے میں اگربتی کا بخور روشن کریں۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کریں یہ انتہائی آسان اور سہل عمل ہے جو آپ کسی کتاب میں نہیں ملے گا۔ اور میرا آزمودہ ہے۔ عامل میٹھی اور خوشبودار چیزوں کا استعمال زیادہ رکھے یہ عمل کل 14 یوم کا ہے۔ دوران عمل مؤکل کسی بھی دن حاضر ہوسکتا ہے آپ اپنی پڑھائی کی تعداد مکمل کرنے کے بعد مؤکل کو سلام کریں اور حاضری کا طریقہ بھی دریافت کرلیں لیکن 14 یوم عمل کرنا لازمی ہے۔

☆ تسخیر جن

یہ جنات کی حاضری کا ایک زبردست عمل ہے صرف 21 دن میں ایک جن عامل کے روبرو حاضر ہوتا ہے۔ طریقہ یوں ہے کہ نُوچندی جمعرات سے ہر قسم کے گوشت دودھ، کچے لہسن، پیاز کا پرہیز کرے۔ رات کے بارہ بجے کسی ایسی جگہ پر جائیں جہاں پیپل کا درخت ہو جس طرف درخت کا سایہ بنے وہاں بیٹھ کر عمل کریں عمل سے قبل 3 پیڑے خالص کھوئے کے اپنے سامنے رکھے اور بخور صندل اور لوبان کا روشن کرے پھر اپنے گرد حصار فولادی چاقو سے کرے اور عبارت عمل کو صرف 101 بار ورد کرے۔

عبارت عمل :

هلوش هيلوش بحق سليمان عليه السلام

عمل کے بعد حصار کاٹ کر باہر آئے اور پیڑے درخت کی سب سے نچلی شاخ سے باندھیں اور واپس اپنی رہائش گاہ پر آجائے۔ ایک بات واضح رہے کہ پیچھے مڑ

کر ہرگز نہ دیکھیں کچھ ہی دنوں میں آپ اپنے پیچھے جانی پہچانی آوازیں سنیں گے عامل کو چاہئے کہ ان کی طرف قطعی توجہ نہ کرے ورنہ رجعت کا اندیشہ ہوگا۔ اسی طرح اکیس روز تک وقت مقررہ پر عمل کریں۔ دوران عمل درخت پر ایک شخص بیٹھا ہوا دکھائی دے گا آپ اس سے بالکل نہ ڈریے گا وہ آپ سے دوران عمل بھرپور انداز میں گفتگو کرنے کی کوشش کرے گا۔ اور ہیرے جواہرات کی لالچ دے گا۔ کہ اب مجھ سے بہت سارا روپیہ مال لے لو اور عمل ترک کردو لیکن آپ 21 ویں دن اس سے ہمکلام ہوں وہ آپ سے پیڑے مانگے گا آپ اس سے مناسب شرائط طے کرلیں اور پیڑے دے دیں جس کام کے لئے حاضر کریں گے فوراً حاضر ہوکر آپ کا کام کردے گا مگر آپ اس سے جائز کام لینے کو کہیں وہ آپ سے بہت خوش ہوگا۔

نوٹ :

اس عمل کو بغیر نگرانی کے قطعی نہ کریں۔ اجازت لینا لازمی ہے۔

☆ عمل خاص کشف قبور باموکل

قارئین اب اپ کے لئے ایک ایسا عمل لکھ رہا ہوں جس کا عامل ہر شخص بن سکتا ہے لازمی ہے کہ کامیاب ہونے کے بعد اس عمل کو نااہل سے پوشیدہ رکھیں ورنہ عمل کا تصرف ختم ہوجائے گا اور آپ اس کی برکات سے محروم ہوجائیں گے۔

جو شخص اس عمل کو کرنا چاہئے مصنف و مؤلف سے طریقہ زکوۃ معلوم کرکے اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں یہ عمل کرنے کے بعد آپ کو کسی عمل کی ضرورت نہیں پڑے گی کیونکہ اس عمل سے صاحب چلہ کو کشف حاصل ہوتا ہے عامل جس چیز کا تصور کرے فوراً

Scanned by CamScanner

اس پر ظاہر ہو جائے اگر آپ اس کی زکوۃ ادا کرنا چاہیں تو دیر نہ کریں پہلی فرصت میں اس عمل کا چلہ کریں۔ کیونکہ اس عمل میں کوئی ڈر خوف نہیں اس عمل کی ہر خاص و عام کو دعوت دی جاتی ہے یہ عمل کل آٹھ یوم کا ہے آٹھ روز تک عامل کے سوا کوئی دوسرا شخص کمرے میں داخل نہ ہو ورنہ عمل باطل ہو جائے گا اگر عامل نڈر اور قوی دل کا مالک ہے تو دوران عمل ایک بزرگ حاضر ہو کر عامل سے اقرار تابعداری کرے گا خاص بات یہ کہ یہ عمل دن میں بھی کیا جا سکتا ہے۔ جس میں وقت کی کوئی قید نہیں بعد ادائے زکوۃ عامل جس قبر پر جائے آنکھ بند کر کے چند بار ہی پڑھے صاحب قبر کو دیکھے اور خواب میں انبیاء کی زیارت نصیب ہو اس عمل کے بے پناہ فوائد ہیں جو کہ ہر اہل شخص پر وضع کر دیئے جائیں گے۔

☆ عمل تسخیر موکل

طریقہ زکوۃ:

اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کیا جائے۔ 41 یوم تک کسی ایسے مکان کا انتخاب کریں جہاں کسی کی آمد و رفت نہ ہو کمرہ صاف ستھرا اور خوشبوؤں سے معطر ہو روزانہ غسل کرے پاک صاف کپڑے پہن کر رات دس بجے کمرے میں داخل ہوں سب سے پہلے اپنے گرد حصار کریں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں بعدہ سورۃ فاتحہ 121 مرتبہ پڑھیں پھر ان مؤکلوں کے نام یا عبدالاحد یا عبدالصمد 101 مرتبہ اور سورۃ فاتحہ 121 مرتبہ پڑھ کر عمل تمام کریں اور کامیابی کے لئے دعا مانگ لیں۔ اسی طرح وقت مقررہ پر عمل کریں دوران عمل پرہیز جمالی و جلالی کریں۔ اکثر خوفناک اشکال عامل کو نظر آئیں گی جن سے عامل خوف زدہ بھی ہو سکتا ہے ان کی طرف قطعی توجہ نہ دیں

صرف اور صرف اپنی پڑھائی میں مشغول رہیں۔ جب آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے قریب ہوگی تو دو مؤکلات عامل کے سامنے غیب سے نمودار ہوں گے۔ حسب طاقت معاہدہ کریں اور صرف اور صرف جائز کام لیں۔

☆ حاضری پری

عزیمت:

عزمت علیکم و اقسمت علیکم یا نساء احضری بحق یا حی

طریقہ:

جو شخص اس پری کو مسخر کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ عمل سے قبل پرہیز جلالی کرے بعد عشاء اندھیرے کمرے میں رات کو 12 بجے پاک صاف کپڑے پہن کر داخل ہو نوچندی جمعرات کو روزہ رکھیں اور سوجی کے حلوے سے افطار کریں۔ یقین کامل اور یکسوئی کے ساتھ عمل پڑھیں تاکہ کامیابی یقینی ہو۔ یاد رکھیں کہ قوت ارادی مضبوط ہو تو کائنات انسان کے سامنے سرنگوں ہو جاتی ہے عمل کرتے وقت ایک عدد گلاب کا تازہ پھول اپنے ہمراہ رکھیں اور باحصار اول آخر درود شریف کے عمل کی تعداد کو 1900 مرتبہ ورد کریں 7 دن کا عمل ہے ساتویں رات ایک خوبصورت عورت مثل پری زاد آپ کے کمرے میں حاضر ہو کر اقرار تابعداری کرے گی حاضر ہونے پر پھول پیش کریں سوچ سمجھ کر شرائط طے کریں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی دریافت کر لیں۔

Scanned by CamScanner

☆ تسخیر ستارہ پری

عبارت عمل :

یا مظهر العجائب باالخیر یا بدیع

طریقہ زکوۃ :

اس عمل کی مدت 7 یوم کی ہے عمل بعد نماز عشاء اندھیرے کمرے میں خلوت نشین ہو کر پڑھیں ۔ روزانہ وقت مقررہ پر عبارت عمل کو 6000 مرتبہ ورد کریں یہ ایک انتہائی طاقتور پری ہے جو مسخر ہونے کے بعد عامل کو بہت سے روحانی مخفی علوم سکھاتی ہے اور مسخر ہونے کے بعد عامل کی بہن بن کر رہنا پسند کرتی ہے اس کی تسخیر ہونے کی مدت سات یوم کی ہے۔ ساتویں رات ستارہ پری آپ کی خلوت گاہ میں نہایت ہی خوبصورت، دوشیزہ ، شاہانہ لباس پہنے ہوئے حاضر ہو گی ۔ حسب طاقت معاہدہ کریں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ کار بھی دریافت کر لیں۔

☆ تسخیر مؤکل

عبارت عمل :

یا رفتما ئیل بحق یا وهاب

طریقہ زکوۃ :

عروج ماہ میں بروز بدھ اس عمل کو بعد نماز عشاء کریں ظاہری و باطنی پاکیزگی ہو تو کامیابی آپ کے قدم چومے گی ۔ کسی علیحدہ کمرے میں جس میں آپ کے سوا کوئی قدم نہ رکھتا ہو کمرہ خوشبوؤں سے معطر ہو قبلے کی جانب منہ کر کے جائے نماز بغیر سلا ہوا اور

پاکیزہ لباس پہن کر عزیمت کو گیارہ سو مرتبہ ورد کریں اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں بعدہ عمل تمام کر کے کامیابی کے لئے دعا کر لیں عمل سے قبل حصار ضرور کر لیا کریں ۔ تعداد مکمل ہونے کے بعد وہیں سونا لازمی ہے جہاں آپ نے پڑھائی کی ہو۔ پڑھائی کے وقت اپنا لباس مخصوص رکھئے ۔ دن کے وقت درود شریف اور استغفار کا ورد کثرت سے کریں تا کہ اثرات جلد ظاہر ہوں دوران عمل جو بھی مشاہدات دیکھے اس کا ذکر کسی سے نہ کریں عمل کے دوران بزرگ ہستیاں آپ کے سامنے آئیں گی گفتگو کریں گی لہذا عامل کو چاہئے کہ ان کی کسی بات کی طرف توجہ نہ دے بلکہ کامل یکسوئی کے ساتھ اپنی پڑھائی مکمل کرے ۔ بالآخر اکتالیسویں روز جب آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے قریب ہو گی تو کمرہ نور سے منور ہو گا اور ایک مؤکل غیب سے نمودار ہو گا ۔ وہ آپ کو سلام کرے گا تو آپ عزت واحترام کے ساتھ سلام کا جواب دینا۔ اس وقت موکل آپ سے پوچھے گا کہ مجھے کیوں بلایا آپ کہیں کہ میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں تا کہ اپنے جائز معاملات میں آپ کی مدد حاصل کر سکوں ۔ اور دوبارہ حاضری کا طریقہ کار بھی دریافت کر لیں مؤکل آپ کو سیاہ رنگ کا پتھر دے گا بوقت ضرورت پتھر کو حرارت دیں فوراً حاضر ہو کر آپ کا کام سرانجام دے گا۔

☆ مشاہدہ جنات

الو کی دونوں آنکھیں اور کالی مرغی کا پتہ دونوں کو سایہ میں اچھی طرح خشک کر کے کھرل کر لیں اس میں اصفہانی سرمہ ملا لیں اور چند قطرے عرق گلاب کے ڈال کر محلول بنا لیں اور رات بعد نماز عشاء کسی بیر کے درخت کے نیچے کھڑے ہو کر اپنے گرد

Scanned by CamScanner

حصار کریں اور محلول اپنی آنکھوں میں لگائیں تو آپ کو جنات جیسی مخفی مخلوق کا مشاہدہ ہوگا بلکہ آپ ان سے بات چیت بھی کر سکتے ہیں دل کو مضبوط رکھیے گا وہ آپ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔

☆ مشاہدہ جنات

الو کی دونوں آنکھوں کو خشک کر کے سرمہ میں کھرل کر لیں اور چالیس مرتبہ سورۃ جن پڑھ کر دم کریں اور ایسے مقام پر جائیں جس جگہ کسی کا گزر نہ ہوتا ہو۔ پھر سرمہ اپنی آنکھوں میں لگائیں تو آپ کو جنات نظر آئیں گے بلکہ ان سے بات چیت بھی ہو سکے گی۔

☆☆☆☆☆

کتاب تسخیر مؤکلات و جنات کے کسی عمل کے متعلق کوئی جواب معلوم کرنا ہو تو اپنے خط کے ساتھ -/200 روپے بمع جوابی لفافہ بھیج کر مصنف و مؤلف سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

تسخیر مؤکلات وجنات کے لئے کوپن

نام ---------- عمر ----------

نام والدہ ---------- مذہب ----------

تاریخ پیدائش ---------- شہر ----------

سوال ----------

نوٹ:

اس کوپن پر ایک سوال کا جواب Free حاصل کریں ایک کوپن پر ایک سے زائد سوال پوچھنے کی زحمت نہ کریں۔

کوپن اس پتہ پر بھیجیں

پوسٹ بکس نمبر: 283 جی پی او کوئٹہ

ماہر علوم جلی و مخفی

حافظ راحیل احمد

Scanned by CamScanner